Volume : I
No. 2

SP. 1-2-75 (E)
300

# THE SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## OFFICIAL REPORT

Friday, the 17th January, 1975

CONTENTS

| | PAGES |
| --- | --- |
| Adjournment Motion *Re:* Railway accident at Malir station—*Not Pressed* .. .. .. .. | 25 |
| Adjournment Motion *Re:* Ban on a public meeting of Air-Marshal (Retd) M. Asgher Khan—*Ruled out* .. | 28 |
| Adjournment Motion *Re:* Increase of freight by Conference Lines—*Not Pressed* .. .. .. .. | 32 |
| Motion *Re:* Appointment of Special Committee to Investigate into the causes of Tarbela Dam disaster—*Deferred* .. | 35 |
| Motion *Re:* The conduct of National Press Trust of Pakistan—*Talked out* .. .. .. .. | 35 |

PRINTED AT THE INTERNATIONAL PRESS, KARACHI.
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI.

Price : Paisa 50

## SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

**Friday, the 17th January, 1975**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at six of the clock in the evening Deputy Chairman (Mr. Tahir Mohammad Khan) in the Chair.

---

(Recitation from the Holy Quran)

---

**Mr. Deputy Chairman** : Adjournment Motion No. 5 of 1975. Yes, Khawaja Mohammad Safdar.

### ADJOURNMENT MOTION *Re* : RAILWAY ACCIDENT AT MALIR STATION

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, I beg Leave of the Senate to move a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, as reported in the Daily Pakistan Times dated 15.1.1975, 25-Up Rohri bound Sind Express rammed into a local Passenger Train at Malir Railway Station, as a result of this accident three persons were killed and several injured. The inefficient and careless running of the trains by the Railway authorities has greatly disappointed the public.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes.

**Malik Mohammad Akhtar** : Opposed Sir, on the technical grounds.

The honourable Minister may make a statement afterwards.

Sir, my technical objection is that the honourable Member wants to discuss the inefficient and careless running of the trains. Now as a matter of fact, the matter is sub judice. We have arrested two persons, one Assistant Station Master and another Pointman, and some persons of that designation. Since they have been arrested and remanded, as such, the matter is sub judice.

**Mr. Chairman** : No. 1, It is sub judice, you see,

**Malik Mohammad Akhtar** : Sir, he can make some brief statement, if he desires to and if you permit him, Sir.

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, Khawaja Mohammad Safdar, what do you say about this objection ?

خواجہ محمد صفدر: جناب والا ! اس حادثہ کے متعلق خصوصیت سے میرے محترم دوست جناب وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور کہہ سکتے ہیں کہ یہ خاص واقعہ جس کا میں نے حوالہ دیا ہے وہ عدالت کے زیر غور ہے میں دراصل اس تحریک کے ذریعے بحث کرنا چاہتا ہوں ریلوے کے محکمہ کی لاپرواہی اور عدم کارکردگی پر اور ان کی کوتاہی پر - میں اس واقعہ کو صرف مثال کے طور پر پیش کر رہا ہوں - یہ غلط ہے کہ اس واقعہ پر بحث کرنا چاہتا ہوں - اگر اس واقعہ پر بحث کرنا چاہتا تو وزیر مملکت کا اعتراض درست تھا - یہ واقعہ مجھے معلوم ہے کہ عدالت کے زیر غور آچکا ہے مگر میں تو اس واقعہ پر بحث نہیں کرنا چاہتا - میں تو صرف اس کا حوالہ دے رہا ہوں - صرف نشاندھی کے طور پر میں نے عرض کیا ہے - ورنہ عمومی طور پر ریلوے کی ناگفتہ بہ حالت کو زیر بحث لانا چاہتا ہوں - ایک روز یہ خبر اخبارات میں شائع ہوئی دوسرے روز یعنی اگلے ہی روز دال بدین کے مقام پر ایک اور ریلوے کی ٹکر ہوگئی - کونسا دن ہوتا ہے جب ریلوے کے حادثات نہ ہوں - یا ریلیں نہ پٹری سے اتر نہ جاتی ہوں -

جناب ڈپٹی چیئرمین: گویا آپ سب پر موشن لانا چاہتے ہیں -

خواجہ محمد صفدر: اس واقعہ کے حوالے سے لانا چاہتا ہوں -

**Mr. Deputy Chairman** : Yes, the Minister of State wants to say something.

**Malik Mohammad Akhtar** : Sir, probably my friend wants to use this rule of adjournment motion in lieu of rule 187, which is a "motion that the policy or situation or statement or any other matter be taken into consideration." He wants to make a substantive motion I consider.

**Mr. Deputy Chairman** : You mean to say, when there is any remedy available then he cannot move an adjournment motion.

کیا خیال ہے خواجہ صاحب آپ ۱۸۷ موشن move کر سکتے ہیں ؟

خواجہ محمد صفدر: اس صورت میں بالکل move نہیں کر سکتا - اس کے ساتھ ۱۸۷ کے تحت میری موشن ابھی اس وقت بھی pending ہے - آج ھی کے ایجنڈے پر وہ بھی pending ہے -

**Malik Mohammad Akhtar** : Then it is hit by anticipation.

جناب rule of anticipation کا یہاں سوال ھی پیدا نہیں ھوتا -

خواجہ محمد صفدر: یہ ایک ایسا واقعہ ھوا ہے - مجھے اس بات پر خوشی ہے - محترم وزیر ریلوے اس میں سفر کر رہے تھے اور وہ بال بال بچ گئے - میں انہیں مبارکباد بھی دینا چاھتا تھا - ورنہ وہ اپنے محکمہ کی لاپرواھی کا خدانخواستہ خود ھی شکار ھونے والے تھے - غرض یہ ہے کہ یہ محکمہ اپنے آپ کو درست کرے - ھمیں اس ایوان میں ان مسائل کو زیربحث لانے میں کوئی خوشی نہیں ہے -

**Mr. Deputy Chairman** : Minister of State for Railways.

**Mian Attaullah** : Mr. Chairman, Sir, I just want to bring this to your notice and through you to the notice of the House that the Mover of the adjournment motion just wants to discuss this particular incidence.

**Mr. Deputy Chairman** : The Mover has said that he does not want to discuss the particular incidence.

**Mian Attaullah** : He has moved separate resolutions and those resolutions will come into discussion, but all the same I want to make it a part of the record that we sincerely apologise for the inconvenience caused to the travelling public. The Minister of Communications was himself travelling and soon after the incidence he organised relief operations. He remained on the site till the operation was completed. Myself and the Chairman, Railway Board reached the site. We have ordered an enquiry and two people have been arrested. I assure the honourable Member through you that people responsible will not go unpunished and the incident is not repeated. I am sorry to have to say that mistakes are commited as an extensive network of railways exists in Pakistan and thousands of people are employed in the railways. Human element is also there so these mistakes are also there. Any how, I once again assure the honourable Member that we are doing our very best and in the near future we will achieve that efficiency which is required of the railways and all things will be all right.

مفتی ظفر علی نعمانی : جناب والا! میں ایک گذارش کروں کہ زلزلے کے معاملے پر جتنی بھی adjournment motions ھیں ان پر بحث کے لئے ایک

[Mufti Zafar Ali Nomani]

تاریخ مقرر کر دی گئی ہے۔ میرے خیال میں اس سے بھی بڑھکر ریلوے کے معاملے پر میرے دوست زمرد حسین صاحب اور دوسرے لوگوں کے adjournment motions ہیں تو بجائے اس کے کہ ملک محمد اختر technical باتیں کریں اس پر یعنی ریلوے پر بحث کے لیے بھی ایک تاریخ مقرر کر دی جائے تاکہ یہ جھگڑا ہی ختم ہو جائے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آج اس پر گفتگو کریں گے۔ yes خواجہ صاحب کیا کہیں گے ؟

**Khawaja Mohammad Safdar** : Not pressed, Sir.

**Mr. Deputy Chairman** : It is not pressed. Yes No. 6 of 1975.

## ADJOURNMENT MOTION *Re* : BAN ON A PUBLIC MEETING OF AIR-MARSHAL (RETD) M. ASGHER KHAN

**Khawaja Mohammad Safdar** : I beg leave of the Senate to move a motion for the adjourument of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the Federal Security Force was used by the Punjab Government for preventing Air-Marshal (Retd) Mr. Asghar Khan from holding a public meeting at Mochi Gate, Lahore, on the 12th January, 1975, as reported in the Daily Nawa-i-Waqt dated 13th January, 1975.

The failure of the Federal Government in dissuading the Punjab Provincial Government from using the Federal Security Force for curbing the civil liberties and fundamental rights of the public, has sent a wave of resentment throughout the country.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : I raise two objections. Firstly, it is a matter of law and order which is a provincial subject and as we have repeatedly said the proper forum for raising the adjournment motion will be the provincial Assembly and not the Senate. As regards the other objection that the Federal Security Force was used, I have to state that regarding the Federal Force, we have asked the Provincial Government and they have stated that a small contingent of FSF was requisitioned by the Provincial Government in view of the grave apprehension of violation of section 144 and breach of peace. Air-Marshal Asghar Khan's reported announcement in the Press of his determination to violate section 144 instead of challenging its imposition on the appropriate forum he sent a written threat to the District Magistrate. It has been confirmed by the Provincial Government

that the contingent of FSF was kept in reserve and was not at all used against Asghar Khan. So, I deny all facts and also on the point of law, I oppose. I may also inform the honourable Mover and invite attention to rule 117 of the FSF Employment Rules, 1974, which have been promulgated under the Act. The control and operation of deputed contingents shall remain with the local authority. The contingent of the Force during the operation shall come under the directions issued by the Magistrate on the spot. The officer commanding the Force shall, however, maintain his chain of command and also the integrity of his unit or sub-unit at his own discretion. He will retain the effective liasion with the local police officers present in the area. Now two things. Firstly, it is a provincial matter. Secondly, proper recourse was not used. Thirdly the Force when its services are requisitioned by the Provincial Government, acts under the order of the Magistrate and there is no question of any directions from the Federal Government. On all these points I submit that.......

**Mr. Deputy Chairman** : Khawaja Sahib, has also stated another thing the failure of the Federal Government in dissuading the Punjab Provincial Government.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : We have no power to give direction or to give orders. Clear cut division of power has been laid down in the Constitution and unless there is break down in the Provinces the Federal Government cannot do anything. The Provincial Government is very sensitive. Any interference will be rightly resented and this is against the Constitution.

خواجہ محمد صفدر: جناب والا! مجھے افسوس ہے کہ شاید میں پوری طرح اپنا ماضی الضمیر بیان نہیں کر سکا اور آپ نے بھی میری مدد فرمانے کی کوشش کی ہے۔ میں شکر گذار ہوں لیکن محترم وزیر داخلہ نے نہ آپ کے سوال کا جواب دیا ہے اور نہ جو کچھ اس تحریک پر لکھا ہوا ہے اس کی طرف زیادہ غور فرمایا ہے۔ میرا اعتراض یہ ہے کہ وفاقی حکومت نے ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرے سوال کا جواب تو انہوں نے دے دیا ہے کہ صوبائی خود مختاری ہے اور صوبائی خود مختاری کے تحت فیڈرل حکومت مداخلت نہیں کرتی ۔

خواجہ محمد صفدر: جناب آپ سے اور محترم وزیر داخلہ سے بہتر کون جانتا ہے کہ سینگل وزارت نے جب سینٹرل لیویز کی امداد طلب کی تو مرکزی حکومت نے وہ امداد دینے سے انکار کر دیا ۔ انہوں نے کہا کہ یہ مرکزی

[Khawaja Mohammad Safdar]

فورس ہے ، یہ ہم اپنے قبضے میں رکھیں گے اور کسی صوبے کے تحت نہیں دیتے - میں یہ کہتا ہوں کہ لاھور میں ایسے کوئی حالات نہیں تھے جس کے لیے پولیس وھاں ناکافی ثابت ہوتی وھاں کافی پولیس تھی وہ پولیس حاصل کرتے اور جیسا کہ انہوں نے ابھی ارشاد فرمایا ہے کہ فیڈرل سیکورٹی فورس کے دستے کو استعمال نہیں کیا گیا بلکہ reseve میں رکھا گیا ہے لیکن اخبار میں اس کے خلاف لکھا ہوا ہے لوگوں کی بھی آنکھیں ہیں وہ دیکھتے ہیں کہ اس ملک میں کیا ہو رہا ہے -

**Malik Mohammad Akhtar** : On a point of order. I would like to supersede both the honourable Members.

**Mr. Deputy Chairman** : You have every right to supersede.

**Malik Mohammad Akhtar** : Sir, I consider that the honourable Khawaja Mohammad Safdar should have not risen because I draw your attention to ruling 376. Sir, the ruling says that when an allegation is made and it is denied there should be some documentary evidence to prove.

**Mr. Deputy Chairman** : You have to define document also.

**Malik Mohammad Akhtar** : All right, let me debate. I will prove.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : Sir, I want to say one thing. There is nowhere written in the Nawa-i-Waqt that the Federal Security Force was used. It only says that it was merely present. The only difference between the Government's statement and the Nawa-i-Waqt it is written as 'heavy contingent' and they say a 'small contingent'. But nowhere it is stated in the Nawai-Waqt that it was used. So, here also the statement in the press does not support the allegation.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! میری شکایت یہ ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ اپنی ایڈجرنمنٹ موشن کے الفاظ دیکھیں :

The Federal Security Force was used by the Punjab Government for preventing Air-Marshal.

یہ جو آپ issue بناتے ھیں اس کو آپ Substitute کر سکتے ھیں - میں آپ کو اس کی اجازت دے سکتا ھوں -

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! وزیر داخلہ نے مان لیا ہے کہ موچی دروازے میں heavy contingent موجود تھی - فیڈرل سیکورٹی فورس

کی یہ بھاری تعداد کیا وہ وہاں چائے پینے گئی تھی ؟ کیا وہ وہاں تماشہ دیکھنے گئی تھی ؟ وہ وہاں کس لئے گئی ؟ اس کا استعمال صرف اسی صورت میں ھی نہیں ھو سکتا کہ وہ ڈنڈے برسائے یا گولی چلائے - اس کا استعمال اس سے کم درجہ پر بھی ھو سکتا ہے کیا وزیر محترم کے نزدیک گولی چلانے یا ڈنڈے برسانے کے علاوہ سیکورٹی فورس کا کوئی اور استعمال نہیں ہے ؟

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : I raise another point. Even if they were present, they act under the orders of the magistrate and entirely under the provincial executive, and the magistracy is incharge of it and the Federal Government does not come into the picture. The law is that a magistrate can call upon a military commander as well as the Federal Security Force, and I have read rule 11 which clearly states that. There are provisions in Criminal Procedure Code which I have read times out of number that even a magistrate can call upon the nearest military commander to come to his rescue and then that Force acts under his orders. Here the Force has not acted and even if they have acted I make bold to say, they have acted under the orders of the Magistrate and the Magistrate is a provincial officer and the law and order is a provincial subject.

خواجہ محمد صفدر : میری شکایت یہ ہے کہ وفاقی حکومت کو چاھیئے کہ وہ صوبائی حکومت کو کہے کہ بھائی ، وہ اپنے اوزار استعمال کریں - یہ فورس تو ھم نے اپنے ذاتی استعمال کے لئے رکھی ھوئی ہے -

جناب ڈپٹی چیرمین : یہ اس ایڈجرنمنٹ موشن میں نہیں ہے -

I am afraid, I cannot hold it in order. You have said that Federal Security Force was used by the Punjab Government for preventing Air-Marshal—No. 1. This thing is categorically denied by a very responsible Minister. No. 2, you said 'the failure of the Federal Government to dissuade the provincial government.' I think, it is not the domain of the Federal Government to interfere in the matters of law and order and thirdly this ........

جناب شہزاد گل : جناب والا !

جناب ڈپٹی چیرمین : مجھے پوری بات کرنے دیں -

جناب شہزاد گل : جناب والا ! میں خواجہ صاحب کو نصیحت کرنا چاھتا ھوں کہ یہ تو وھاں اس لئے گئی تھی جس طرح کہ وہ وزیراعظم کے لئے جلسوں کا انتظام کرتی ہے ، اس طرح وہ اس جاسے کا بھی انتظام کرنے کے لئے وھاں گئی تھی -

**Mr. Deputy Chairman** : On these very scores it is ruled out of order.

Then next adjournment motion. It is No. 7 of 1975.

## ADJOURNMENT MOTION *Re* : INCREASE OF FREIGHT BY CONFERENCE LINES

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, I beg leave of the Senate to move a motion for the adjournment of the business of the House to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, as reported in the Daily Dawn dated 30-12-74 the Conference Lines covering Pakistan Trade with Europe is charging 12½ more on the previous freight rates from the first of January, 1975. The failure of the Federal Government to exert its influence on the Conference Lines not to raise the freight rates arbitrarily, has caused grave concern to the business community of Pakistan.

**Malik Mohammad Akhtar** : It is opposed, Sir.

**Mr. Deputy Chairman** : What are the grounds?

**Malik Mohammad Akhtar** : Technically as well as otherwise. It has been alleged that it has been reported in the daily DAWN that 'the Conference Lines covering Pakistan trade with Europe is charging 12½ more on the previous freight rate from the Ist of January, 1975'. It has been alleged as 'the failure of the Federal Government to exert its influence on the Conference Lines not to raise the freight rate arbitrarily has caused grave concern to the business community of Pakistan.' Sir, I think, I have got a long statement to make. If you allow me, I can read out for the benefit of the House.

**Mr. Deputy Chairman** : What is the technical objection? It is not basically the concern of the Federal Government you mean?

**Malik Mohammad Akhtar** : Sir, it is beyond our control. I am going to make a statement, if you allow me. There is no failure on the part of the Federal Government.

Sir, the Conference Lines issued notice to shippers on 16th of October, 1974 for an increase in the basic freight rates by 12½% on west bound cargo from India, Pakistan and Bangladesh effective from Ist of January, 1975. Sir, this notice was issued on 16th of October, 1974. The matter was reported in the Daily DAWN of 30th December, 1974, as mentioned in the adjournment motion. The press report also emphasised that during the last three years the Conference Lines have increased freight rate by 37½% and the Government should play a more active role as the shippers alone would not be in a position to influence the decision of the Conference Lines. The Consultation procedure followed by the Conference Lines is that settled India. The shippers in Pakistan are inadequate so, Sir, they can force their

rates on us. The arrangements with India are in fact of a formal nature and have been based on arrangements made in that respect between British and Indian Flag Lines. Normally overall increase in tariff rates should not occur at an interval of less than two years but rates of freight of individual commodities could be increased at very frequent intervals and surcharge could be applied to meet special and exceptional circumstances. Again the Conference Lines are obliged not to make any increase in freight rates before the expiry of the four month period so that during the period of notice discussion, consultation can take place. No discussion and consultation is provided for with the Government. The Conference Lines is required only to send a copy of the notice and report on the consultation held by them with the Shippers bodies. The Conference Lines increased the freight rates in March 1971 by 15% in east bound trade and in June, 1971 by 12½% in west bound trade. Thereafter in October, 1973 they again increased the freight rate by 7½ in East bound trade and 12½% in West bound trade, and at that time also they made it clear that the increase in the freight rate was subject to review. Earlier in 1974 on the basis of trading results of the Conference Lines for 1973, a Conference Delegation visited Pakistan to discuss freight rates with the Pakistan Shippers Council, Export Promotion Bureau, etc. In September 1974, the Chairman of the Delegation impressed on the shippers bodies in Pakistan that the Shipping Lines participating in the Conference were seriously concerned about increasing operating cost and exorbitant rise in the cost of ships and the necessity for the general increase in the freight rates had become imminent. The Export Promotion Bureau, however, informed the Conference Delegation that since January, 1973 not only the export flow pattern but also the price structure of a large number of exportable commodities such as cotton yarn, hides and skins, tobacco, etc., had considerably changed with the result that the freight quantum had increased to such an extent that the competitive edge of Pakistani goods in many foreign markets was no longer practicable in several commodities.

The conference Delegation were, however, firm on the point that in view of unprecedented inflationary tendencies in the world price structure, increase in freight rates was un-avoidable. The Conference Delegation also indicated that they would consider effecting any such increase in the freight rate by 1.1.1975.

There is no doubt that the increase in the freight rates that the Conference Lines have decided to introduce from Ist January, 1975 will adversely affect our export trade. Protests were lodged by the shipper's bodies with the Conference Lines in the past whenever they increased their freight rates, and even now, but without any gainful results. The Conference Lines have been trading on this route for about 100 years and they assumed the monopoly. It will not be possible to break their monopoly so long as control

[Malik Mohammad Akhtar]

over the cargo movement is not imposed and alternative shipping arrangement is not made. However, under the present conditions it appears that it will be difficult to impose any control on cargo movements because our exports are mainly sold in the "Buyers" market and our imports are bought from "Sellers". Similarly, for so long as we do not have adequate shipping services of our own, we cannot think of breaking away from the Conference Lines. Even in future, if it were so done, there would be disturbance in the flow of cargo which would adversely effect our exports.

Sir, we concede our helplessness in the matter and I request the honourable Khawaja Sahib to keep all these points in view and I give assurance that we are taking all the possible measures so that remedy is obtained. I regret that there has been increase but it is a continuous process for the last many years. I would request him not to press the motion and we will see if we can make some other arrangement. I assure him that we have not been slack in any form and there has been no failure of the Federal Government. They can dictate their terms and we are trying to negotiate further, and I will let the House know whatsoever are the results in due course. So, he may not press it.

**Mr. Deputy Chairman**: I am sure that you are satisfied that the Government was not sleeping.

خواجہ محمد صفدر : جی ہاں میں یقیناً پریس نہیں کرونگا لیکن ایک بات کی طرف توجہ دلاتا چاہتا ہوں جس کی طرف وزیر صاحب نے اپنے لمبے چوڑے بیان میں اشارہ کیا ہے - اگر یہ مسئلہ محض 12½% کرایوں میں اضافے کا ہی ہوتا تو کوئی بات نہیں تھی - اصل بات یہ ہے کہ اس کا ہماری برآمدات پر بہت بڑا اثر پڑ رہا ہے اور ہماری برآمدات جب دوسرے ملکوں میں پہنچتی ہیں تو وہ ان کی قیمتوں سے مقابلہ نہیں کر سکتیں اور ہماری برآمدات متاثر ہوگی اس لئے میں یہ درخواست کرونگا کہ از راہ کرم گورنمنٹ اس کی طرف اپنی خصوصی توجہ دے اور باتیں وزیر محترم نے فرمائی ہیں وہ درست ہوں گی - میں اس کا شکر گزار ہوں - لیکن وہ خصوصی توجہ فرمائیں -

**Malik Mohammad Akhtar**: I have admitted that, Sir.

**Mr. Deputy Chairman**: The motion is not pressed.

Adjournment motions stand over. Now, we come to the legislative work. Item No, 2, It is ; "Further consideration"

## MOTION *Re*: APPOINTMENT OF SPECIAL COMMITTEE TO INVESTIGATE INTO THE CAUSES OF TARBELA DAM DISASTER

**Mr. Deputy Chairman**: I think, it was moved. Would you like it to be discussed.

**Malik Mohammad Akhtar**: Sir, I have requested Khawaja Sahib to defer it till the time the Rules of Procedure Committee......

**Khawaja Mohammad Safdar**: No. no, for the time being only.

**Malik Mohammad Akhtar**: All right. For the time being. Kindly defer it for the time being.

**Mr. Deputy Chairman**: Well, it is deferred for the time being. Next is No. 3.

Yes, Mr. Zamarud Hussain.

جناب زمرد حسین : جناب چیرمین! اگرچہ .....

جناب ڈپٹی چیرمین : پہلے اپنا موشن تو پڑھیں -

## MOTION *Re*: CONDUCT OF NATIONAL PRESS TRUST OF PAKISTAN

**Mr. Zamarud Hussain**: Sir, I beg to move:

"That the conduct of National Press Trust of Pakistan, which has created an atmosphere of suspicion and mistrust among the masses and is thereby darkening the future of democracy in the country, be taken into consideration"

**Mr. Deputy Chairman** : Yes.

**Malik Mohammad Akhtar**: It is opposed, sir. Let him continue.

جناب زمرد حسین : جناب چیرمین ! اگرچہ ہمارے ملک میں اب تک آزادی صحافت کے سلسلے میں کوئی شاندار روایات قائم نہیں کی جا سکیں - لیکن نیشنل پریس ٹرسٹ کے قیام کے بعد آزادی صحافت کے جو بھی امکانات ہو سکتے تھے - وہ بھی تقریباً تقریباً ختم ہو کر رہ گئے ہیں -

جناب چیئرمین! میں نیشنل پریس ٹرسٹ کے سلسلے میں ایک صحافی دوست کے اس معقولے سے اسکو شروع کرونگا - نیشنل پریس ٹرسٹ کا مطلب کیا ہے ؟ Freedom From Press جب پیپلز پارٹی اپنا منشور لیکر آئی تھی اور اس ملک میں انتخابی مہم چلائی جا رہی تھی تو جناب ذوالفقار علی بھٹو

[Mr. Zamarud Hussain]

صاحب چیئرمین پیپلز پارٹی اور پیپلز پارٹی کے دوسرے راہنماؤں نے خود کو یہ یقین دلایا تھا کہ جب وہ بر سر اقتدار آئیں گے تو اس ملک میں عوام کو آزادی رائے کا مکمل حق ہوگا اور نیشنل پریس ٹرسٹ کو توڑ دیا جائے گا اور وہ بار بار کہتے تھے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ گورنمنٹ کی ایک ایجنسی ہے اور اسے عوام کے خلاف استعمال کیا جا رہا ہے لیکن جناب چیئرمین! بڑے افسوس اور بڑے دکھ کی بات ہے کہ وہ پیپلز پارٹی جو اس منشور کے ساتھ اس ملک میں بر سر اقتدار آئی اور اس نے آتے ہی نیشنل پریس ٹرسٹ کی برائیوں اور اس کی خرابیوں میں مزید اضافہ کیا اور اس بات کو سمجھنے کے لئے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ نے عوام میں شکوک و شبہات کی فضا کیسے پیدا کئے اور اس ملک میں جمہوریت کا مستقبل کیسے تاریک کیا یہ جاننے کے لئے یقیناً ہمیں ماضی پر ایک نظر دھرانی ہوگی - جناب چیئرمین! اس ملک میں سب سے پہلے 1959ء میں مارشل لاء کے ذریعے ایک خاص قانون کے تحت پروگریسو پیپرز لمیٹیڈ کو قبضے میں لیا گیا - میں جب یہ بات کہتا ہوں اور یہ بات کہوں گا - میں جناب افتخارالدین مرحوم و مغفور کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں - اللہ تعالیٰ انکی روح پر اور رحمتیں نازل کرے - وہ اس ملک کے وہ سیاسی سپاہی تھے جنہوں نے اس ملک میں جمہوریت کی بحالی کیلئے اور آزادی صحافت کیلئے بے انتہا قربانیاں دیں اور یہی وجہ تھی کہ اس وقت کے حکمران فیلڈ مارشل محمد ایوب خان اس سچ کی آواز کو برداشت نہیں کرتے تھے اسلیئے انہوں نے مارشل لاء کے ذریعے اسپیشل قوانین کا سہارا لیا اور پروگریسو پیپرز لمیٹیڈ پر قبضہ کر لیا - میں پروگریسو پیپرز لمیٹیڈ کے سلسلے میں کسی تفصیل میں نہیں جاؤں گا کیونکہ وہ ایک علیحدہ داستان ہے لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ صرف ان پرچوں سے ہمارا مسئلہ حل نہیں ہوتا اور عوام کو misguide نہیں کیا جا سکتا تو وہ ایک نئی تجویز لیکر آئے اور وہ نیشنل پریس ٹرسٹ کی تھی - اس سلسلے میں انہوں نے اس ملک کے کچھ Industrialists کو approach کیا کہ وہ کچھ فنڈ فراہم کریں تاکہ نیشنل پریس ٹرسٹ کا قیام عمل میں لایا جائے - جناب چیئرمین! اس ملک کے درجن بھر صنعتکاروں نے ایک لاکھ سے تین لاکھ روپیے کے فنڈ جو ہیں وہ

contribute کئے اور نیشنل پریس ٹرسٹ کا قیام عمل میں لایا گیا اور نیشنل پریس ٹرسٹ نے پرچوں پر کیسے قبضہ کیا ۔ یہ ایک بہت ہی افسوسناک اور شرمناک داستان ہے ۔ پروگریسو پیپر لمیٹیڈ کو مجبور کر دیا گیا ۔ اس وقت پروگریسو پیپرز لمیٹیڈ کے چیئرمین چوھدری ظہور الٰہی تھے اور ان کو مجبور کر دیا کہ وہ پروگریسو پیپر لمیٹڈ کو نیشنل پریس ٹرسٹ کے حوالے کر دیں اور اسی طرح ''مشرق اور مارننگ نیوز جیسے پرچوں کو حاصل کیا گیا اور نیشنل پریس ٹرسٹ کی custody میں دے دیا گیا ۔ جناب چیئرمین! اسمیں سب سے دلچسپ بات جو تھی وہ یہ تھی کہ فنڈ بہت کم تھے اور چونکہ گورنمنٹ اس ملک میں سے آزادی صحافت کو ختم کر دینا چاھتی تھی اور کچھ پرچے اپنے قبضے میں لینا چاھتی تھی اور انہوں نے پروگریسو پیپر لمیٹیڈ کو خریدنا تھا اور اسی جائیداد کو pledge کر کے ان فنڈ کو ادا کیا گیا ۔ آپ کو یہ مثال نہیں ملے گی کہ میں ایک بلڈنگ خریدنا چاھتا ھوں اور اس بلڈنگ کو خریدنے کے لئے پیسے کا انتظام کہاں سے کرتا ھوں؟ اسی بلڈنگ کو نیشنل بینک آف پاکستان کے پاس pledge کرتا ھوں اور بلڈنگ خریدتا ھوں ۔ اسی طرح آج تک بھی کچھ لوگوں کے فنڈز موجود ھیں جو گورنمنٹ کے ذمہ چلے آرہے ھیں ۔ جناب والا! اسکے بعد میں اس پر آؤنگا کہ جب نیشنل پریس ٹرسٹ بن گیا اور ایوب خان کے دور کے خاتمے کے بعد اس زمانے میں ایک جمہوری تحریک چلی اور خاص طور پر پیپلز پارٹی نے نیشنل پریس ٹرسٹ کو توڑنے کے دعوؤں کے ساتھ اس ملک میں الیکشن لڑا لیکن جب نیشنل پارٹی نے اس ملک میں حکومت سنبھالی تو آپ حیرت کریں گے ۔

انہوں نے سب سے پہلے بورڈ آف ٹرسٹیز کو desolve کر دیا اور تمام اخبارات کو نیشنل پریس ٹرسٹ کے حوالے کر دیا گیا اور سب سے پہلا چیئرمین جو اس بورڈ کا آیا وہ ایک صوبہ کے سابق گورنر جناب اختر حسین تھے اس کے بعد جو دوسرا چیئرمین آیا وہ جنرل حیاالدین صاحب تھے اس کے بعد اس بورڈ کے چیئرمین مسٹر عزیز احمد اے ۔ کے سومار اور پھر رفیق سہگل تشریف لائے اور جب پیپلز پارٹی آئی تو انہوں نے اپنے ایک دوست یونس سعید کو اس ٹرسٹ کا چیئرمین مقرر کیا اسکے بعد حامد محمود صاحب تشریف لے آئے اور آج کل اس ٹرسٹ کے چیئرمین کے ۔ ایم آصف ھیں اور یہ تمام حضرات

[Mr. Zamarud Hussain]

گورنمنٹ ملازم تھے اور گورنمنٹ کے سامنے ھی جوابدہ تھے ۔ جناب چیئرمین! جب میں یہ کہتا ھوں تو مجھے معاف کریں گے ۔ کہ پیپلز پارٹی نے عوام سے جو وعدے کئے تھے ، ان سے ھٹ کر وہ یہ چاھتی ہے کہ اس ملک میں ایک پارٹی کی حکومت قائم کی جائے یا اس ملک میں dictatorship چلائی جائے اور اس کیلئے ھمارے پاس یہ دلیل ہے کہ پیپلز پارٹی نے اس ملک میں آتے ھی سب سے پہلے ابلاغ عامہ پہ قبضہ کرنا شروع کیا ۔ جناب چیئرمین! اگر دیکھا جائے تو دنیا کے کسی جمہوری ملک میں اس قسم کا کنٹرول پریس بورڈ قائم نہیں کیا گیا ، اگر اسکی کوئی مثال ہے تو وہ جرمنی میں جب ھٹلر نے اس ملک پر قبضہ کیا تو سب سے پہلے information media کو اپنے قبضے میں لے لیا اور گوئبلز کو اس بورڈ کا انچارج بنایا اور ایک نیا رواج ڈالا گیا ۔ لوگوں کے سامنے جھوٹ کو سچ بنا کر پیش کیا گیا ۔ ان کا یہ فلسفہ تھا کہ عوام کے سامنے اس قدر جھوٹ بیان کرو کہ عوام کے ذھن محصور ھو جائیں اور وہ سچ اور جھوٹ میں تمیز کرنا چھوڑ دیں ۔ ۔ ۔ ۔

**Malik Mohammad Akhtar**: Point of Order, Sir. I am sorry I am interrupting. I will request the honourable Senator not to use the word which he is using, because that is unparliamentary. And secondly, Sir, he should not indulge in such criticism because none of the persons from the National Press Trust is over here to defend himself. He should only confine himself to his resolution. It is an admitted resolution. I cannot object to it otherwise. If you look into it, Sir, it is not specific and he should confine himself to the resolution and should not use such expressions which are unparliamentary.

جناب ڈپٹی چیئرمین: مثلاً کونسا لفظ ؟

ملک محمد اختر: 'جھوٹ' کا لفظ ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ جھوٹ تو اس حوالے سے کہہ رہے ھیں کہ جھوٹ کو اسقدر رواج دیا جائے کہ لوگ اسکو سچ مانیں ۔

**Malik Mohammad Akhtar**: This is a reference in respect of National Press Trust and the Journalists are a very honourable community, Sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین: انھوں نے گوئبلز کی فلاسفی کا حوالہ دیا ۔

**Malik Mohammad Akhtar**: If tomorrow they want resolution from PFUG for accusing and abusing, they are most welcome.

جناب زمرد حسین: جناب چیئرمین! ملک صاحب کو غلط فہمی ہوئی ہے میں نے کوئی اس قسم کا لفظ استعمال نہیں کیا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ پریس ٹرسٹ کیلئے جو کچھ کہیں اسمیں حکومت کی پالیسی کو discuss کریں صحافت کے ذکر کو چھوڑیں ۔

جناب زمرد حسین: انکا ذکر تو میں نے نہیں کیا آگے عرض کرونگا ابھی تک تو میں اس کے structure اور اس کے ذریعے یہ جو کام لینا چاہتے ہیں اسکا ذکر کر رہا ہوں ۔ جناب چیئرمین! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ بالکل اس فلسفہ کو پاکستان میں implement کرنے کی کوشش کی گئی ۔ اسطرح information media کو قبضہ میں لے لیا تاکہ ان سے پراپیگنڈہ کیا جائے اور صرف تصویر کا ایک رخ عوام کے سامنے پیش کیا جائے سچ کو چھپایا جائے ۔

سوائے گورنمنٹ کے اس version information media پر عوام کے سامنے کچھ نہیں آتا ۔ اپوزیشن کیلئے اسمیں کوئی جگہ نہیں ہے ۔ جسکا نتیجہ یہ ہے کہ کوئٹہ میں ایک واقعہ ہوتا ہے لوگ اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں اور دوسرے دن ٹیلیویژن ، ریڈیو اور پریس ٹرسٹ میں اس واقعہ کے بالکل برعکس بیان کیا جاتا ہے ۔ جناب والا! جب لوگ یہ دیکھتے ہیں تو انکا ذرائع ابلاغ سے اعتماد اٹھ جاتا ہے اور جمہوریت سے اعتماد اٹھ جاتا ہے اس نیشنل پریس ٹرسٹ کا کردار اس ملک میں جمہوریت کیلئے سب سے برا کردار ہے ۔ اگر کبھی خدانخواستہ ملک کا مستقبل تاریک ہوا تو اسمیں سب سے زیادہ حصہ نیشنل پریس ٹرسٹ کا ہوگا ۔ جناب چیئرمین! نیشنل پریس ٹرسٹ جو مواد عوام کو دے رہا ہے اسمیں عوام کی دلچسپی کیلئے کچھ نہیں ہوتا نتیجہ مقابلہ میں جو آزاد اخبارات ہوتے ہیں انکو منظم پالیسی کے تحت ختم کرنے کی کرشش کی جاتی ہے اور اس کیلئے پریس آرڈیننس کا سہارا لیکر انکو بند کر دیا جاتا ہے یا نیوز پرنٹ کے کوٹہ سے محروم کر دیا جاتا ہے تاکہ یہ اپنی موت آپ مر جائیں ۔ ۔ ۔ ۔ شہباز اور جسارت کو بند کر دیا گیا ہے ۔

**Malik Mohammad Akhtar**: Point of Order, sir. Sir, I am sorry that I am bothering you and interrupting may dear friend. The resolution is regarding the "conduct of National Press Trust of Pakistan which has created an atmosphere of suspicion and mistrust". He may say that they are giving incorrect information. How can he refer to any advertisements and other things? He should confine himself to specific point that there is mis-reporting in National Press Trust, and he cannot go beyond that. I would like to have your ruling. Otherwise, there will be very wide discussion and we may reply to them that such an such paper was doing this and that and we do not want this to be a point of controversy. Let him confine himself to the incorrect reporting which has caused, as alleged by him, "atmosphere of suspicion and mistrust". These are two words, Sir, and kindly see that he is relevant.

جناب ڈپٹی چیئرمین: خواجہ صاحب! آپ یہ بتائیں کہ رولز میں relevancy کی پابندی ہے؟

خواجہ محمد صفدر: جناب والا! اس سے کوئی انکار نہیں ہے۔ ہر موشن پر بحث کے دوران relevancy کی پابندی ضروری ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین: اگر ہے تو پھر زمرد حسین صاحب آپ ملاحظہ فرمائیں۔ یہ بجٹ سیشن نہیں ہے کہ جس میں تمام خشک و تر معاملات زیر بحث لائے جائیں۔

خواجہ محمد صفدر: جناب والا! اگر آپ اجازت دیں تو میں اس سلسلے میں گذارش کرتا ہوں۔ جناب وزیر مملکت صاحب نے اس تحریک کی پہلی دو سطریں پڑھی ہیں اور آخری تین سطریں نہیں پڑھیں۔

And these are, "and is thereby darkening the future of democracy in the country be taken into consideration". "Darkening of the future of the democracy" is also an most important part of this motion. Perhaps he is refering to that part of this resolution.

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرے خیال میں جو کچھ آپ نے کہا وہ relevant نہیں تھا -

Please sit down for a momement. Let me hold it that whatever you have said that was irrelevant, because you were referring to the policy of the Government that the Government was not giving the quota of the paper and the advertisement to other papers. That was not connected with the resolution.

جناب زمرد حسین: جناب چیئرمین! میں ایک گذارش کرونگا میں یہ کہتا ہوں کہ نیشنل پریس ٹرسٹ کو گورنمنٹ ایک مخصوص پراپیگنڈہ کے لئے استعمال کرنا چاہتی ہے اسلیئے اسمیں عوام کی دلچسپی کیلئے کچھ نہیں ہوتا اسکو مقابلے سے بچانے کیلئے انہوں نے ماحول کو اتنا تنگ کر دیا ہے کہ آزاد اخبارات زندہ نہ رہ سکیں - عوام میں شک و شبہ کی فضا پیدا کر دی ہے -

جناب چیئرمین! جب میں یہ کہتا ہوں کہ نیشنل پریس ٹرسٹ کو زندہ رکھنے کیلئے شہباز بند کر دیتے ہیں جسارت بند کرتے ہیں - - -

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اصرار کریں گے کیونکہ میں تو اسپر رولنگ دے چکا - اب رولنگ کے بعد ایوان کے کچھ آداب ہوتے ہیں - میں توقع کرتا ہوں کہ معزز ممبران اگر میری عزت نہیں کر سکتے تو اس ایوان کی عزت کریں - رولنگ ہے جناب تو اس رولنگ کا احترام فرمائیے - میں سمجھتا ہوں جو کچھ آپ فرما رہے ہیں - ممکن ہے اس کے نتائج میں یہ آجائے - لیکن گورنمنٹ کی پالیسی جو ہے اس ریزولوشن کا حصہ نہیں ہے - یہ گورنمنٹ کی پالیسی ہے اس سے پریس ٹرسٹ کا تعلق نہیں ہے - یہ میں کہہ چکا ہوں - اب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں -

جناب زمرد حسین: میں جناب چیئرمین ایک دوسرے نکتہ نظر سے بات شروع کرتا ہوں -

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جی بالکل کیجیئے لیکن رولنگ کا احترام کیجئیے گا -

جناب زمرد حسین: جناب چیئرمین! جیسا کہ میں عرض کر رہا تھا نیشنل پریس ٹرسٹ نے اس ملک کی صحیح تصویر پیش نہ کر کے اپنے وقار کو اپنے اعتماد کو اپنے عوام کی نظروں میں کھو دیا ہے لہذا اسکی کوئی اسٹینڈنگ اس ملک میں نہیں ہے - لہذا اسکو سہارا دینے کیلئے اس حکومت نے جس نے اس ٹرسٹ کو بنایا اس purpose کیلئے کہ لوگوں کو شک و شبہ میں مبتلا کیا جائے اور یک طرفہ پروپیگنڈہ کا شکار کیا جائے - اسکے لئے انہوں نے پبلک کی دولت سے انکو کروڑوں روپیہ ایڈوانس کرایا - آج بھی نیشنل پریس ٹرسٹ اپنے

[Mr. Zamarud Hussain]

قدموں پر نہیں سر رہا ہے - بلکہ نیشنل بینک آف پاکستان کا تین کروڑ روپے کا مقروض ہے - اسطرح نیشنل پریس ٹرسٹ کو سہارا دینے کیلئے غلط راستے اختیار کئے جا رہے ہیں - حالانکہ گورنمنٹ یہ کہتی ہے کہ حکومت کہتی ہے کہ ہمارا audit ہوتا ہے - بیورو آف سرکولیشن ہے جو audit کرتا ہے اخبارات کا ان کو اشتہارات دیتا ہے لیکن نیشنل پریس ٹرسٹ کو بیسا کھیاں دینے کیلئے ، اسکو چلانے کیلئے انہوں نے غلط راستے سے چل کر نیشنل پریس ٹرسٹ کو اس کثرت سے اشتہارات دیے ہیں تاکہ اسکو زندہ رکھا جا سکے - جب اخبارات کا audit ہوتا ہے اور دوسرے اخبارات جو زیادہ ہوتے ہیں ، انکی تعداد زیادہ ہوتی ہے انکے اشتہارات کاٹ کر نیشنل پریس ٹرسٹ کو دے دیے جاتے ہیں تاکہ وہ زندہ رہ سکے - قدرتی طور پر زیادہ اخبارات اشتہارات سے محروم ہوں گے اور ان پر اسکا اثر جو ہے وہ پڑے گا - نیوز پرنٹ کی بات ہے جناب - دوسرے جو نیشنل پریس ٹرسٹ کے پیپروں کی بہت آسانی کی بات ہے - اسلیئے کہ وہ انفارمیشن میڈیا کو جیسا کہ میں نے کہا گورنمنٹ نے اپنے پروپیگنڈہ کا ذریعہ بنا لیا ہے - دنیا جہان کی سہولتیں جو ہیں وہ نیشنل پریس ٹرسٹ کو فراہم کی جاتی ہیں اور تمام نیوز پرنٹ اور جتنی آسانیاں اسکو ملتی ہیں غالباً کسی آزاد اخبار کو نہیں ملتیں اور اسطرح اسکو مقابلے سے بچانے کیلئے جناب چیئرمین! جیسا کہ میں نے کہا انفارمیشن ڈپارٹمنٹ کا چیئرمین جو ہے وہ انفارمیشن ڈپارٹمنٹ کا نمائندہ ہوتا ہے - وہ اسکو ملازم کرتا ہے - فرض کیجیئے نیا set up بنا ہے انفارمیشن کیلئے - چیئرمین نیشنل پریس ٹرسٹ جو ہے وہ اس بورڈ کا ممبر ہے بلکہ یہ پکی بات ہے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ جو ہے وہ گورنمنٹ کا ایک ادارہ ہے - اسکا چیئرمین گورنمنٹ مقرر کرتی ہے اور گورنمنٹ کے انفارمیشن میڈیا کا جو بورڈ بنایا گیا ہے وہ اسکا ایک ممبر ہے اور گورنمنٹ کی پبلیسٹی کیلئے جتنی کانفرنسیں ہوتی ہیں ، نیشنل پریس ٹرسٹ کا چیئرمین جو ہے وہ اسکی نمائندگی کرتا ہے اور اسکے پروپیگنڈہ کا ذریعہ بنتا ہے - نیشنل پریس ٹرسٹ کے تمام اخبارات مجبور ہیں جو بھی گورنمنٹ اپنی پبلسٹی کی پالیسی بنائے وہ جناب چیئرمین! نیشنل پریس ٹرسٹ کو مشورہ دے اور وہ پابند ہیں نیشنل پریس ٹرسٹ سے نکلنے والے تمام اخبارات جو ہیں کہ اس پالیسی کے مطابق جو ہے وہ کام کریں - میں جناب چیئرمین! تازہ مثال دوں گا کہ بلوچستان

میں ۱۹۷۳ء میں ایک جلسہ ہوا - آج میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ کسطرح یک طرفہ پروپیگنڈہ کر کے شک و شبہ کی فضا پیدا کرتے ہیں - خیر بخش خان مری نے ایک جلسہ عام سے خطاب کیا - وہ خبر اس ملک کے نیشنل پریس ٹرسٹ کے اخبارات نے بھی چھاپی، پی پی آئی نے بھی جاری کی، اے پی پی نے بھی جاری کی لیکن پچیس دن کے بعد راولپنڈی کی ڈیٹ لائن کے ساتھ ایک خبر چھپی اس جلسے کی جسمیں خیر بخش خان مری کو اکیوز کیا گیا کہ صاحب انہوں نے کہا کہ اس ملک کے پنجابی لٹیرے ہیں - اس ملک کے عوام کو لوٹ کر کھا گئے ہیں، تاکہ بلوچستان کے عوام اور پنجاب کے عوام میں نفرت کا ماحول پیدا کیا جائے اور ایک کہانی گڑھ لی جائے - پی پی آئی جسنے جلسے کی یہ خبر نشر کی آج اس خود بیچارے کی خبریں ریڈیو ٹیلی ویژن ٹرسٹ نے لینے سے انکار کر دیا ہے اور آج انکے ملازمین احتجاج کر رہے ہیں کہ صاحب ہماری نوکریاں بچائی جائیں لیکن ان سے کہا جاتا ہے کہ آزاد ایجنسی ہے - وہ خدمات اسطرح کرتے رہے ہیں لیکن آج اس کام کے صلے میں اس سے بھی محروم ہیں اور آج اسکے ملازمین ایجی ٹیشن میں جا چکے ہیں اور اے پی پی کا ذکر ہی کیا وہ تو فیڈرل گورنمنٹ کی ایجنسی ہے ہی - اسکا تو میں گلہ ہی نہیں کرتا - زندہ رہا تو اے پی پی پر پھر علیحدہ بحث کرونگا - میں اسکے لئے مثال دونگا جناب - لندن سے ایک پرچہ ویکلی spectator نکلتا ہے اسمیں ایک مضمون چھپا - جب قائد حزب اختلاف خان عبدالولی خان لندن میں تھے - انکا کوئی لیٹر spectator میں چھپا جی - اے پی پی نے خبر ریلز کی کہ صاحب خان عبدالولی خان نے spectator کو یہ کہا ہے لہذا اسکی روشنی میں ایڈیٹوریل لکھے جائیں - تمام پریس ٹرسٹ کے اخبارات کو ھدایت کی - ان میں سے پریس ٹرسٹ کے ایک صحافی نے کہا کہ حق نمک زیادہ ادا ہو تو زیادہ بہتر گالی دی جائے انہوں نے برٹش ایمبیسی سے کہا کہ صاحب آپ spectator مہیا کر سکیں گے - انہوں نے کہا کہ جی بالکل تو انہوں نے کہا کہ بھجوا دیجیے - وہ spectator آ گیا - دفتر میں بیٹھ کر اس صحافی نے دیکھا کہ جو خبر ریلز ہو کر آئی تھی کہ ولی خان نے یہ کہا ہے اسمیں تو کہیں لکھا ہوا ھی نہیں ہے اور ھمیں ھدایت ہے کہ ایڈیٹوریل لکھیں جائیں - انہوں نے انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کو ٹیلیفون کیا حضور آپ تو spectator کا ذکر کرتے ہیں - اسمیں تو یہ کہیں نہیں لکھا تو افسر محترم نے کہا کہ کس نے تم سے کہا کہ یہ spectator منگوا کے پڑھو - ھم نے تو اسلیئے خبر بھیجی تھی کہ اس پر ایڈیٹوریل لکھے جائیں -

[Mr. Zamarud Hussain]

جناب چیئرمین! یہ ہے نیشنل پریس ٹرسٹ کی کار کردگی - کیا پریس ٹرسٹ کا یہی فرض ہے کہ وہ اپوزیشن کے لیڈروں کے خلاف مفروضوں پر مبنی خبروں پر ایڈیٹوریل لکھنا شروع کر دے ابھی بالکل تازہ دو چار دن کی بات ہے جناب خان عبدالغفار خان کے خلاف اس ملک میں ایک کہانی پھیلائی جا رہی ہے -

ملک محمد اختر: پوائنٹ آف آڈر سر!

جناب ڈپٹی چیئرمین: ان کے صرف تین منٹ اور رہتے ہیں -

جناب ملک محمد اختر: ٹھیک ہے جناب -

جناب زمرد حسین: جناب چیئرمین! چوھدری ظہور الٰہی صاحب اس ملک کے معزز ایم این اے ہیں - انہوں نے کہا ہے کہ ایسی کوئی بات ھی نہیں ہوئی نہ کوئی اخبار نویس آیا - نہ کوئی ٹیپ ریکارڈ ہوا - کچھ نہیں ہوا لیکن ایک کہانی اس ملک میں چھاپی جا رہی ہے -

جناب نعمت اللہ خان: پوائنٹ آف آڈر -

**Mr. Deputy Chairman**: Haji Sahab is on a point of order.

جناب نعمت اللہ خان: جناب چیئرمین! میں صرف یہ عرض کرونگا کہ زمرد حسین صاحب نے گورنمنٹ پر یہ الزام لگایا ہے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ بنا کر ڈکٹیٹر شپ کا پراپیگنڈہ کر رہے ہیں، لیکن ابھی تک انہوں نے اپنی اسٹیٹمنٹ میں ایک مثال بھی اسکی نہیں دی - نیشنل پریس ٹرسٹ کے متعلق کوئی ایسا مضمون جسمیں ڈکٹیٹر شپ کا پروپیگنڈہ کیا گیا ہو - اسمیں بالکل کوئی نہیں بتایا کہ کونسی چیز غیر جمہوری ہے -

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ حاجی صاحب شکریہ -

جناب نعمت اللہ خان: کوئی بھی ایسی چیز نہیں ہے - صرف one sided version کا پروپیگنڈہ کر رہے ہیں -

This is only one side. Let him say something specific out of all his speech.

جناب زمرد حسین : میرا بھی جناب ! پوائنٹ آف آڈر ہے میرا جو وقت ضائع ہو رہا ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں آپ کا وقت ضائع ہونے نہیں دوں گا ۔ ویسے بھی میں نے آپ کو تین منٹ زائد دیے ہیں ۔

جناب شہزاد گل : جناب چیئرمین ! حاجی صاحب نے اپنی تقریر کرلی ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : ان کی تقریر میں سے دو منٹ مہیا کر دیے جائیں گے ۔

جناب زمرد حسین : جناب چیئرمین ! میں عرض کر رہا تھا کہ پالیسی کے سلسلے میں ٹرسٹ کے اندر کیا ہوتا ہے ۔ میں آپ کو مثال دوں گا جناب ۔

ہمارے ساتھی بشیر السلام عثمانی صاحب وہ مشرق کے diplomatic مراسلہ نگار ہیں ۔ اس نیشنل پریس ٹرسٹ سے تیرہ سو روپیہ ماہوار لیتے ہیں ۔ ان کا کام کیا ہے ۔ فیڈرل یونین آف جرنلسٹ جو ہے اس میں سازشیں کریں اور ان میں پھوٹ ڈالیں تاکہ یہاں کی ٹریڈ یونین جو ہیں اس ملک میں نہ چل سکیں ۔ میں جناب چیئرمین ! چیلنج کروں گا ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : میں ایک سوال آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں ۔ کسی ایسے فرد کیلئے ایسے الزامات عائد کرنا جو کہ اس ہاؤس میں موجود نہ ہو وہ اپنا جواب نہ دے سکے ، کس حد تک مناسب ہوگا ؟ میں آپ سے پوچھتا ہوں ۔

جناب زمرد حسین : میں نام نکال دیتا ہوں ۔ ویسے کہہ دیتا ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : نام لئے بغیر ۔

جناب زمرد حسین : کچھ لوگ اسلیئے ملازم رکھے جاتے ہیں نیشنل پریس ٹرسٹ میں کہ وہ صرف ٹریڈ یونینوں کی تحریک کو ناکام بنانے کیلئے جو ہیں وہ سازشیں کریں ، نفرت پھیلائیں ۔

ایک صاحب ہیں جن کو تیرہ سو روپے ماہوار تنخواہ ملتی ہے وہ اپنے آپ کو political correspondent کہتے ہیں ۔ جناب میں چیلنج کرتا ہوں

[Mr. Zamarud Hussain]

کہ دو سال سے انہوں نے اخبارات کیلئے ایک لفظ نہیں لکھا - یہ اگر ثابت کر دیں کہ لکھا ہے تو میں ان سے معذرت کرنے کیلئے تیار ہوں دو سال سے انہوں نے ایک لفظ نہیں لکھا - ان کا کام صرف یہ ہے کہ مولانا کوثر نیازی کو - جناب وہ تو موجود ہیں یہ جواب دے سکتے ہیں - مولانا کوثر نیازی کو مشورے دیں کہ بائیں بازو کے جو کارکن وہاں موجود ہیں ان کے خلاف سازشیں کریں تاکہ انکو نکالنے کا کوئی انتظام کر لیا جائے - اسطرح میرے ایک اور دوست ہیں میں انکا نام نہیں لونگا انکی ڈیوٹی صرف یہ ہے کہ انہیں ہدایت دی جائے کہ ولی خان کو گالی دینی ہے - اب یہ انکا کام ہے کہ کہاں سے تلاش کریں ، کیسے کریں اور پھر جناب campaign چلے گی اسپر بحث شروع ہو گی کہ صاحب یہ ہو رہا ہے - ابھی جناب چند دن کی بات ہے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ سے تین صحافیوں کو نکال دیا گیا - میں انکے ناموں سے واقف نہیں ہوں - بہر حال اس بات پر آصف مسعود کو ٹیلیفون کیا گیا کہ بھائی یہ غریب ماری کیا بات ہے یہ صحافی بڑا عرصہ ہو گیا ہے پریس ٹرسٹ میں ملازمت کر رہے تھے انکو کیوں نکال دیا ہے - اسنے کہا صاحب بات در اصل یہ ہے کہ یہ کام تو وہی کرتے ہیں جو ہم کہتے ہیں لیکن انکے دل درست نہیں ہیں یہ موجودہ regime کو دل سے قبول نہیں کرتے - ہمیں تو ایسی ٹیم چاہیئے جو دل سے اس regime کو قبول کرے - لہذا ہم مجبور ہیں کہ آنکو ملازمت سے نکال دیں اب جناب چیئرمین! وقت کم ہے آپ کہنے والے ہوں گے کہ ختم کیجیے -

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی ہاں -

جناب زمرد حسین : جناب میں ختم کرنے والا ہوں - جناب بات در اصل یہ ہے کہ پی پی پی کو اگر جمہوریت سے ذرا سی بھی دلچسپی ہے اور وہ چاہتی ہے کہ جمہوریت یہاں پھلے پھولے اور یہاں آزاد صحافت موجود ہو تو میں بڑے ادب سے گذارش کرونگا کہ اس نیشنل پریس ٹرسٹ کو توڑ دیں اور اسے working journalists کے حوالے کر دیا جائے کیونکہ وہ لوگ اس ملک میں آزاد صحافت لانے کا ایک بہترین ذریعہ ہو سکتے ہیں - میں آپکا

مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقعہ دیا - باقی میں right of reply میں عرض کرونگا -

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ میں جاننا چاہتا ہوں کہ motion پر اور کون کون حضرات تقریر فرمائیں گے ؟

(جناب شہزاد گل ، مفتی ظفر علی نعمانی ، میاں عارف افتخار ، اور خواجہ محمد صفدر نے تقریریں کرنے کی خواہش کا اظہار کیا)

جناب ڈپٹی چیئرمین: مفتی صاحب آپ بولیئے -

مفتی ظفر علی نعمانی: *جناب چیئرمین! ہمارے محترم سینیٹر زمرد حسین صاحب نے چند بڑی مدلل اور معقول باتیں کہی ہیں - یہ ایک حقیقت ہے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ کو جہاں تک میں سمجھتا ہوں یہ ہے کہ ہمارے ملک میں جتنی مصیبتیں آرہی ہیں اور جتنی دشواریاں پیدا ہو رہی ہیں یہ ان سب کا ذمہ دار ہے - میں محض ایک بات کرنے کیلیئے کھڑا ہوا ہوں کہ سینٹ اور اسمبلی کی کارروائیاں ، بہت افسوس ہے کہ ہمارے ملک میں خصوصاً اس موجودہ دور میں برائے نام لکھی جاتی ہیں - اس دوران میں دنیا کے کسی ملک میں اسمبلی اور سینٹ کے اجلاس ہو رہے ہوں تو اخبارات کے اکثر حصے ان کارروائیوں سے پر ہوتے ہیں ، مگر ہمارے یہاں نیشنل پریس ٹرسٹ کا معجزہ ہی کہا جائے گا کہ اگر آپ دیکھیں تو ڈھونڈنا پڑتا ہے کہ اسمبلی کی کارروائی کہاں لکھی گئی ہے اور سینٹ کی کارروائی کہاں لکھی گئی ہے اور لکھی بھی جاتی ہے تو زیادہ تر برائے نام - ہم لوگوں نے اپنے متعلق جہاں تک دیکھا ہے یہ ہے کہ ایک تو نام میں بھی جان بوجھ کر قصداً غلطیاں کی جاتی ہیں - کسی ملک کی ترقی صداقت اور سچائی کی بنیاد پر ہوتی ہے - وہ سیاست مستحکم ہوتی ہے جسکے اندر صداقت اور سچائی ہو - جہاں صداقت اور سچائی کا فقدان ہو اور صداقت اور سچائی ختم کر دی جاتی ہو یا انکا وجود ہی نہ ہو تو آپ یقین کریں وہ سیاست اور وہ قوم ہمیشہ ذلت کی طرف جاتی ہے - بظاہر انکو صرف چند روز عروج بھی نصیب ہو یا انکو عروج بھی نظر آئے تو صداقت اور

*Speech not corrected by the honourable senator.

[Mufti Zafar Ali Nomani]

سچائی کے ختم ہو جانے کے بعد غلط اور جھوٹے پروپیگنڈے کے بعد چند جھلکیاں اور چند سنہرے خواب تو ضرور اچھے نظر آتے ہیں مگر بعد کی حقیقت ہمیشہ اسکے خلاف ہوتی ہے اور خصوصیت سے ہمارے ملک میں جسکی بنیاد اسلامی اصولوں پر رکھی گئی ہے ، اسلامی اصولوں میں سب سے بڑی اہمیت جس چیز کی ہے وہ سچائی اور صداقت کی ہے - اب یہی چیزیں میرے خیال میں نیشنل پریس ٹرسٹ کے اندر ۸۰ فیصد نہیں ، ۹۹ فیصد واقعات کو توڑ موڑ کر پیش کیا جاتا ہے ، پروپیگنڈہ زیادہ تر غلط کیا جاتا ہے ، خبریں زیادہ تر غلط دی جاتی ہیں - میں آج چند اخبارات لایا تھا ابھی حال کے ، کہ پڑھ کر سناؤں کہ انمیں چند کتنی غلط اور جھوٹی خبریں ہیں ، مگر کچھ آپ لوگوں کو تصور اور کچھ ہمارے ملک محمد اختر صاحب کے بار بار کے اسرار کی وجہ سے میں انکو پڑھنے کے لئے تیار نہیں ہوں اور نہ پڑھوں گا - میری گذارش حقیقت میں یہ ہے کہ اس ملک میں اگر صحیح مضمون میں مضبوط اور مستحکم سیاست اور جمہوریت کو عروج دینا ہے تو اس قومی پریس ٹرسٹ کو یقیناً ختم کر دینا چاہیئے تاکہ یہ لعنت ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے اور ایک آزاد صحافت جنم لے اور خواہ کوئی حکومت ہو ، کوئی حکمران آئیں اور کوئی پارٹی حکومت کرے اسمیں صحافت آزاد ہو اور وہ سچائی اور صداقت کی بنا پر حکومت کرے اور یہ بے اصولیاں اور جھوٹے پروپیگنڈے ختم ہو جائیں -

**Mian Arif Iftikhar**: *Mr. Chairman, with regard to this resolution, I wish to point out that there has been, to my knowledge, no statement made by the Government in which it is enshrined, as a constitutional principle the external existence of this farce that is known as National Press Trust. This is point number 1. Point two: nobody could be more conscious of the amount of harm. As a matter of fact, I with all respects beg to differ with my friend Senator Zamarud Hussain when he says that an atmosphere is being created of distrust, is being created of suspicion or is being darkened. I say, no—that is already a *fait accompli*. People no longer have doubt of what the National Press Trust is going to publish. There is no suspicion about it. They know quite categorically it has succeeded in giving some-

*Speech not corrected by the honourable senator.

thing new in genetics, biology and certainly in journalism. 'All things to all men all the times' said Abrahim Lincon. He may not have been a very good journalist but he had little to do with democracy. I am sure that you can befool some people for some time but not all the people for all time. The National Press Trust has been passing through the hands of the various captains of the industry including those who have used their personal influence with the Government to get, as has been mentioned—not the present Government but past Government—loans in order to float their industry. They have been made Chairman of the National Press Trust and have been made in-charge of the newspapers, Pakistan Times, Imroz, Lailonahar, Akhbari Khawateen, Morning News. What is the tragedy? The tragedy lies, if a process exists, that process can only exist as the honourable Minister has mentioned, when the owners of the means of production, if means can be nationalised, if mines can be nationalised, if banks can be nationalised, if insurance companies can be nationalised and their control can be given over to workers who manage it why cannot the working journalists without a threat of livelihood, without a threat of the fact that they will be dismissed, without the threat of the fact that their children will not have a roof over their heads should be allowed to be the owners of a newspaper. It is only in a fascist and a totalitarian State that an institution like the Press Trust can exist. And for the information of the honourable Senator, I may state that no one is more aware of it than the Chairman of the Peoples Party—the Prime Minister, Mr. Zulfikar Ali Bhutto, because at the time when the combined masses of this country were fighting against that totalitarianism ; and that again is an under statement; that was the Government of Field Marshal Mohammad Ayub Khan, at that time when at the forefront was the Peoples Party, it was against the Peoples Party and against Mr. Z.A. Bhutto that these very National Press Trust bodies were blaming us and putting us in the wrong that today are doing both 'hamd' or 'sana' or 'hymn' whichever they prefer. Nobody reads it as a paper. One can wrap up his shoes or socks in it but it cannot be considered as a newspaper. I would submit that the Peoples Party's terms of office has not yet finished, and as long as it is there its pledge towards the ending of the National Press Trust is there. The charge can only come at that stage when the present government is no longer in power then one can say that they have not done it.

[*At this stage the chair was vacated by Mr. Deputy Chairman and occupied by Mr. Chairman.*]

**Mian Arif Iftikhar**: I would point out that the single motive behind this Trust was the idea of crushing the forces of progress, of crushing the forces that wanted to make the workers, the masses, the peasants, the intelligentsia, the middle class, the actual masters of the wealth of this

[Mian Arif Iftikhar]

country. It was because of this protest of these newspapers—now in the National Press Trust and Progressive Papers Ltd.—that the foreign policy should not be based upon expediency, the foreign policy should not be based upon servility to American Neo Colonialism and materialism and that there should be elections on the basis of adult franchise that these newspapers were taken over. It is not a personal issue. That is a very separate question. One has lost more property than that in the land reforms. Well, it is very ironic that today that origanization still exists. It has changed many Bosses many Chairman. No. doubt they all go to the Dhobi Ghat and change it but when the mandate of the Peoples Party will only come to an end, it will be accused of having gone back on its mandate, when it refused to break the National Press Trust. It has not done so. I agree with you entirely that there is a convenient oblitration of all speeches that are considered to be derogatory or even mildly critical. That people have succeeded in making money out of it. That a concern that had Mr. Chairman, Sir, in its reserve thirty five lakhs of rupees the day it was taken over by the Martial Law regime of Field Marshal Mohammad Ayub Khan is today a newspaper that is in debt to the tune of many crores and it is a challenge for every one to be able to deny the fact that it is so. Many sidelines have been started. Many people have profitted from it and set up industries out of it. I say if the journalists are fit enough to report the news of the country, why cannot the journalists of this country be fit enough to own the press of this country whether that be of the right or left because it is only in the clash of dialectic opinion, it is only in the right to be able to differ that you can call yourself a democracy otherwise, Sir, the present state of press in this country is utterly deplorable.

I say whereas the Peoples Party has fulfilled its mandate with regard to land reforms, banks, insurance companies and with regard to so many other reforms that have been brought about than Inshallah-al-Aziz it will also fulfil its mandate in this regard, and this very black wage will end, because since the banning of 'Al-Hilal' and 'Al-Balagh' newspapers belonging to Maulana Abul Kalam Azad in the history of journalism a most scandalous institution has not been brought into existence at least in the sub-continent than the National Press Trust. I am convinced as an humble member of the Peoples Party that the Pakistan Peoples Party will keep its pledge and that this organization will be disbanded and its wealth, its freedom, its right shall belong to those who provide that wealth and who have the right to exercise that right.

**Mr. Chairman**: Thank you. Now there are three speakers left on my list.

خواجه محمد صفدر: میرا نام بھی لکھ لیں - میں اسوقت باھر گیا ھوا تھا -

**Mr. Chairman**: Do You want your name to be included?

خواجه محمد صفدر: جی ھاں -

**Mr. Chairman**: It is included in the list. All right, I now give the floor to Mr. Shahzad Gul.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan**: May I respectfully ask whether there is any chance of the next item to come?

**Mr. Chairman**: Well it is upto you, if you can sit for long time it may.

**Mr. Abdul Qaiyum Khan** : I wanted to know how long the House may sit.

**Mr. Chairman**: It depends on the House. As far as I am concerned, I can sit till any time. I have been working since morning without any break.

**Sheikh Mohammad Rashid**: Sir, I think, item No. 10 will not come today?

**Mr. Chairman**: You are on Safer ground, but take care that the quorum does not break. Now, I give the floor to Mr. Shahzad Gul.

جناب شہزاد گل: جناب والا! میں اپنی تقرر کا آغاز اس موشن کے آخری حصے سے کروں گا -

**Mr. Chairman**: I think, normally the mover of the motion and the Minister concerned who replies will have thirty minutes at their disposal and the other Members have ten minutes.

I think, that procedure is being followed?

**Khawaja Mohammad Safdar**: Yes, Sir.

جناب شہزاد گل: جناب والا! جمہوریت کے لئے ضروری ھوتا ہے کہ کسی ملک میں آزاد جمہوری ادارے اور آزاد پریس ھو تب ھی اس ملک میں جمہوریت پنپ سکتی ہے پھل پھول سکتی ہے اور ترقی کرسکتی ہے - جناب والا! جس طرح جمہوریت کیلئے آزاد پریس کا ھونا لازمی ہے اسی طرح صحافیوں کیلئے نڈر ، بے باک اور حوصلہ مند ھونا ضروری ہے جو کہ جابر حکمران کے سامنے سچی بات کہہ سکیں اور جہاد کا مرتبہ حاصل کرسکیں-

[Mr. Shahzad Gul]

جناب والا! صحافی ملک ، ملت کے کان ، زبان اور آنکھیں ہوتے ہیں۔ وہ جو کچھ بھی دیکھتے اور سنتے ہیں ، اسے اپنے نڈرپن اور بے باک پن کی بنا پر اپنے اخبارات اور تحریکوں کے ذریعے عوام کے سامنے حکومت اور حکمرانوں کی غلطیوں کی نشاندھی کرتے ہیں اور مظلوم عوام کی شکایات کو اپنی تحریروں کے ذریعے حکمرانوں پر دباؤ ڈالکر ان کے ازالے کی کوشش کرتے ہیں اس سلسلے میں وہ بڑی تندھی سے اپنے فرائض سر انجام دیتے ہیں۔

جناب والا! اس اصول کے تحت جب پیپلز پارٹی اقتدار میں نہیں تھی تو انہوں نے عوام سے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ، اس ملک میں جمہوریت لائے گی اور جمہوریت آسگی سیاست ہے اور وہ جب برسراقتدار آئیں گے تو وہ ملک میں جمہوری اداروں اور جمہوریت کو ترقی دے گی اور ملک میں جمہوریت لائے گی کیونکہ اس سے قبل دس سال تک ایوب خان کی آمریت اور مارشل لاٗ کا دور گذر چکا تھا اور یحییٰ خان کے مارشل لاٗ کا دور شروع تھا اس وجہ سے انہوں نے عوام سے یہ وعدہ کیا تھا کہ ملک میں جمہوریت لائے گی اسی لئیے انہوں نے یہ وعدہ بھی کیا تھا کہ جمہوریت کیلئے پریس کا آزاد ہونا نہایت ضروری ہے اور ایوب خان کے دور میں جس طرح دوسری سیاسی جماعتوں کے خلاف نشینل پریس ٹرسٹ کو استعمال کیا جارہا تھا اسی طرح پیپلزپارٹی کے خلاف بھی نیشنل پریس ٹرسٹ کو استعمال کیا جارہا تھا ۔ اسلئے انھیں احساس تھا کہ اس قسم کا ادارہ یا اس قسم کا ٹرسٹ جو ہے وہ ملک کی خدمت نہیں کر رہا ہے بلکہ جو شخص بھی کرسی پر آئے گا۔ جس شخص کے ھاتھ میں عنان حکومت ہوگی اور جو پارٹی برسراقتدار ہوگی وہ پارٹی اسے اپنے مخالفین کے خلاف آزادانہ طور پر استعمال کرے گی اور انہیں بدنام کرے گی اور اپنی آمریت کو اپنی حکومت کو اسکے زریعے عوام میں مقبول بنانے کی کوشیش کرے گی۔ اس وجہ سے انہوں نے یہ وعدہ کیا تھا کہ اس ٹرسٹ کو ختم کردیا جائیے گا لیکن ۱۹۶۴ء میں نیشنل پریس ٹرسٹ کے قیام کے بعد جب پیپلزپارٹی برسراقتدار آئی تو انہوں نے اپنے دور حکومت میں ۱۹۷۲ء میں نیشنل پریس ٹرسٹ کا سابقہ بوڈر جو تھا اسکو ختم کیا گیا اور چیرمین کے تقرر کا اختیار ملک کے صدر کو ایکٹ آف پارلیمنٹ ۱۹۷۲ کے ذریعے چیرمین کے تقرر کا اختیار صدر کے ھاتھ میں

دے دیا اور اس طرح نیشنل پریس ٹرسٹ جو کہ پہلے ہی بدنام تھا اور ہر ایک حکمران کے ہاتھ مضبوط کرنے کیلئے کام کررہا تھا اسکو حکومت کے اور تابع بنانے کیلئے اسکی رہی سہی آزادی جو تھی وہ بھی ختم کردی گئی اور اسکے بعد مشاہدے میں آرہا ہے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ جو ہے وہ محض حکومت کا ایک پروپیگنڈہ ادارہ ہے اور اس وقت ملک میں جمہوریت کیلئے یا ملک میں صحافت کی نشو و نما اور ترقی کیلئے کوئی کام نہیں کررہا ہے ملک کی کوئی خدمت نہیں کررہا ہے محض اپوزیشن کو گالیاں دینے کے اور اپوزیشن کو بدنام کرنے کی خبریں اسمیں ہوتی ہیں یا قتل و غارت اور اغواء وغیرہ کی داستانیں اسمیں ہوتی ہیں۔ اسمیں حکومت کی طرف سے اشتہارات ہوتے ہیں - سینماؤں کے بڑے بڑے اشتہارات ہوتے ہیں۔ اسکے علاوہ نہ کوئی اچھا سا مضمون ہوتا ہے جو عوام اور سوسائیٹی کے کام آسکے یا آزادانہ خبریں ہوتی ہیں۔

جناب والا! ساتھ ہی ساتھ اس کو ترقی دینے کیلئے موجودہ حکومت کے دور میں جو آزاد اخبارات ہیں مثلاً نوائے وقت جو ان نامساعد حالات میں مقابلہ کررہا ہے اور اپنی زندگی کو نامساعد حالات میں برقرار رکھے ہوئے ہے۔ اسے کاغذ کا کوٹہ نہیں ملتا لیکن وہ پھر بھی کام چلارہا ہے اور اپنے وسائل سے تھوڑی بہت صحافت کی خدمت کر رہا ہے حالانکہ اس پر بھی کافی دباو ڈالا جارہا ہے۔ اسکے علاوہ اور جتنے ادارے تھے اور جو ادارے صحافت کی آزادی کیلئے کوشیش کررہے تھے وہ بند ہوچکے ہیں اور اب میدان نیشنل پریس ٹرسٹ کے اخبارات کیلئے کھلا ہے لوگ اخباروں کو صرف قصے اور کہانیوں کیلئے پڑھتے ہیں اور جس طرح میرے دوستوں نے کہا ہے خبروں کیلئے نہیں پڑھتے - جناب والا! ساتھ ہی ساتھ ہم برسراقتدار پارٹی سے یہ مطالبہ کرنے میں حق بجانب ہیں کہ وہ اپنے وعدے کے مطابق نیشنل پریس ٹرسٹ کو ختم کرئے۔ جناب والا! امریکہ میں صرف دو صحافیوں نے ایک خبر ملک کہ صدر اور برسراقتدار پارٹی کے خلاف چھاپی تھی اور اس خبر نے امریکہ کے ایک بڑے مضبوط اور اکثریت والے صدر کو استعفیٰ دینے پر مجبور کردیا اور حکومت کیلئے کافی مشکلات پیدا کی یعنی وہاں ایسے آزاد اخبارات اور صحافی ہیں لیکن یہاں پر بجائے اسکے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ حکومت کی غلطیوں کی نشاندھی کرئے۔ انہیں چھپانے کی کوشش کی جاتی ہے اور حکومت

[Mr. Shahzad Gul]

کی تمام غلطیوں ، تمام کوتاہیوں اور تمام زیادتیوں کو چھپانے اور ان پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ جناب والا! میرے دوست ملک اختر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں اور وہ اس پر ضرور تقریر کریں گے ۱۹۷۲ء میں جب نیشنل پریس ٹرسٹ کے چیرمین کے تقرر کے متعلق جو بل پاس ہوا تھا تو انہوں نے جو تقریر کی تھی۔ میں اسکے چند جملے انکی یاداشت کیلئے پڑھتا ہوں:

"Sir, may I point out that this Trust was made with the purpose of controlling the entire news media. Now, sir, what originated, why it was originated, what was the worry and why it was so that Ayub regime was bothered about"?

جناب چیئرمین: اُس وقت یہ منسٹر نہیں تھے۔ اب تو یہ منسٹر ہیں۔

**Malik Mohammad Akhtar**: No, sir. Let him read all. I never opposed the Constitution. I made certain accusations against the Ayub reg me.

جناب شہزاد گل: یعنی وہی بات ہے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ ایوب خان نے اسلئے قائم کیا تھا کہ تمام news media پر قبضہ کرے ۔ ان پر کنٹرول کرے۔

جناب چیئرمین: میں نے کہا ہے کہ اس وقت یہ منسٹر نہیں تھے۔ اب تو یہ نہیں کہہ سکتے ۔

جناب شہزاد گل: جناب احمد رضا قصوری کے الفاظ یہ ہیں:

"So, sir, this National Press Trust is illegitimate child of Ayub Khan's dictatorship. I will say that even if the present Chairman will not behave and will work against the interests of working journalists, I can assure him and I warn him that I will exactly fight with him as I did against S. A. Rahman".

جناب چیر مین: ٹائم بھی ختم ہورہا ہے۔

جناب شہزاد گل: صرف ایک جملہ

جناب چیرمین: آدھا منٹ رہ گیا ہے۔

**Mr. Shahzad Gul**: Sir, for the promotion of the journalism in the country whatever exisited had to be continued. Sir, may I add in the end that I would advise the Government, as they have taken over the industies, as they have nationalised insurance companies, let them nationalise all these newspapers and run them under the National Press Trust, and hand it over to the journalists. Its management would be taken and run by those people.

جس طرح کہ میاں صاحب نے فرمایا ہے کہ یہاں ایسے صحافی ہیں جو اس ٹرسٹ کو آزادانہ طور پر چلا سکتے ہیں تو ایسے ان آزاد صحافیوں کے حوالے کیا جائے اور اسکو جتنا جلد ختم کیا جائے تو اتنا ہی بہتر ہوگا۔

**Mr. Chairman**: Thank you very much. Now, next Haji Nimatullah Khan.

جناب نعمت اللہ خان: جناب چیرمین! جہاں تک نیشنل پریس ٹرسٹ کا تعلق ہے کہ پاکستان میں ایسے اخبارات ہونے چاہیں جو اصل لوگوں کی نمائندگی کریں اور درست طریقے سے درست نمائندگی ہو تو اسمیں کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہے کہ پاکستان میں کوئی ایسی صحافت یا اخبار یا ٹرسٹ ہو جسمیں صیحح نمائندگی ہو اور جہاں تک ہمارے سنئر صاحبان زمرد حسین صاحب، مفتی صاحب اور شہزاد گل نے یہ ظاہر کیا ہے۔

جب نیشنل پریس ٹرسٹ ایوب خان کے وقت میں کام کررہا تھا تو ہمارے پیپلز پارٹی کے چیرمین صاحب نے یہ وعدہ کیا تھا کہ اس ٹرسٹ کو ختم کیا جائیگا۔ ختم کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اسے ڈیموکرٹیک لائن پر لایا جائیگا یہ صرف ٹرسٹ کی بات نہیں ہے اتنے قلیل عرصے میں عوامی حکومت نے ڈیموکرٹیک لائن کی طرف جو جو کارروائیاں کی ہیں وہ اظہر من الشمس ہیں سب سے پہلا کام یہ کیا کہ اس ملک کو ایک آئین دیا جو کہ پچھلے پچیس سالوں میں کسی گورنمنٹ نے نہ دیا عوامی حکومت نے اس قلیل عرصے میں ملک کو آئین دیا اس سے مقصد یہ ہے کہ حکومت نیشنل پریس ٹرسٹ کی طرف بھی اس طرح توجہ دے گی اور اسے ڈیموکرٹیک لائن پر لائیگی اور مجھے یقین ہے کہ انشاءاللہ ہماری پیپلز گورنمنٹ نے جسطرح دوسرے کام کئے ہیں اسی طرح اس معاملہ کی طرف بھی اپنی توجہ مبذول کرے گی اور اسے ڈیموکرٹیک لائن پر لائے گی۔ بہت ہی جلد آزادی صحافت کے معاملے میں جیسا کہ اپوزیشن کے ممبران صاحبان نے مطالبہ کیا ہے یہ اس لائن پر

[Mr. Niamatullah Khan]

آہستہ آہستہ آجائے گی۔ میں آپ کو یہ یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ وہ وقت گذر گیا اب دوبارہ اس ملک میں مارشل لاء نہیں آئے گا اور اس بات کا یہ پن ثبوت ہے کہ موجودہ حکومت نے ہر کام کو ڈیموکریٹیک لائن پر لانے کی کوشش کی ہے اور میں اپنی طرف سے اور عوامی حکومت کی طرف سے تسلی دلاتا ہوں کہ جن مطالبات یا خواہشات کا میرے محترم دوست زمرد حیسن صاحب اور شہزاد گل صاحب نے اظہار کیا ہے انشاءاللہ ان کے مطابق آہستہ آہستہ یہ ہوجیگا اور انشا اللہ پیپلز گورنمنٹ اپنا وعدہ پورا کرے گی۔

**Mr. Chairman**: Thank you very much.

Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر: جناب چیرمین! مجھے محترم میاں عارف افتخار صاحب کی تقریر سن کر مسرت ہوئی ہے باوجود اس بات کے کہ وہ پیپلز پارٹی کے رکن بن گئے ہیں لیکن ابھی ملک ہر کہ درکان لمک دقت لمکت شد کا مسئلہ پیدا نہیں ہوا انھوں نے جس جذبہ کا اظہار کیا ہے اس سے بہت حد تک ہمارے موقف کی تائید ہوتی ہے۔ اگرچہ انھوں نے اس امید کا اظہار بھی کیا ہے کہ چیرمین پیپلز پارٹی اور موجودہ وزیراعظم صاحب نے برسراقتدار آنے سے قبل نیشنل پریس ٹرسٹ کے متعلق ملک کے عوام سے جو واشگاف الفاظ میں وعدہ کیا ہوا ہے وہ اسے پورا کریں گے لیکن میرے خیال میں یہ امید موہوم ہے اگر ہم گذشتہ تین سال کا جائزہ لیں تو مجھے کوئی ایسی وجہ معقول یا نا معقول دکھائی نہیں دیتی کہ جس کی بنا پر میں محترم میاں عارف افتخار صاحب کی یہ بات تسلیم کرلوں کہ ابھی تین سال گذرے ہیں ابھی حالیہ mandete جو کہ پیپلز پارٹی کو عوام کی طرف سے ملا ہوآ ہے اس کی میعاد ختم نہیں ہوئی اس لیے ہمیں انتظار کرنا چاہیئے میری رائے میں یہ انتظار کی لمبی راتیں اور طویل ہوجئیں گی اور آیں خیال است و محال است وصول کہ یہ وعدہ پورا ہو اس کی وجہ یہ سے اور میرے محترم رفیق کار سینٹر شہزاد گل صاحب نے اس طرف اشارہ بھی کیا ہے کہ ۱۹۷۲ء میں یعنی آج سے کم وبش ڈھائی سال قبل اقتدار مین آنے سے کم وبش چھ ماہ بعد وزیراعظم صاحب نے بجائے اس کے کہ وہ اپنے وعدہ کے مطابق نیشنل پریس

جو بورڈ کو توڑ کر نیشنل پریس کو صحافی کارکنوں کے حوالے کر دیتے انہوں نے سرے سے جس کسی صاحب کے پاس کوئی اختیار تھا ان کو اس اخبار سے علیحدہ کیا اور تمام اختیارات کو اپنی جیب خاص میں ڈال لیا۔ اس سے پہلے بورڈ موجود تھا، کچھ نہ کچھ اختیارات ان کے پاس تھے میں تو یہ کہوں گا کہ صدر ایوب جن کے متعلق محترم عارف افتخار صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ وہ بڑے جابر حکمران تھے آمر تھے اور انہوں نے محض اس غرض سے ایسا کیا تا کہ یہ انکی حمدو ثنا کرتی رہے۔ ان سے تو موجودہ چیرمین صاحب کئی قدم آگے بڑھ گئے ہیں۔ صدر ایوب خان نے نیشنل پریس ٹرسٹ کا ڈھانچہ تو قائم رکھا تھا خواہ ھداھات انہیں کی ھوتی تھیں لیکن وہ ڈھانچے کے منہ سے نکلتی تھیں نیشنل پریس ٹرسٹ ایک بورڈ آف trusties کے تحت تھا۔ اسکا ایک چیرمین تھا اور وہ اپنی پالیسی چلارھا ہے سیدھی بات یہ ہے کہ اسکی بجائے اس وقت ایک آزاد یا نیم مختار محض حکومت کا محکمہ بن گیا ہے جسکا نتیجہ یہ ہے کہ موجودہ پالیسی کی تمام تر ذمہ‌داری موجودہ ارباب اقتدار پر ہے نیشنل پریس ٹرسٹ کے اخبارات جن کے متعلق میرے محترم دوست میاں عارف افتخار صاحب نے کہا کہ یہ نیوز پیپر نہیں ہے یہ تو محض کاغذ کے چیتھڑے ہیں جن میں کبھی بوٹ باندھ لئے اور کبھی کوئی اور چیز لپیٹ لی میں اِن سے اتفاق کرتا ہوں کہ عام لوگوں کی رائے بھی یہی ہے لیکن یہ صورت حال کس نے پیدا کی ہے؟

میاں افتخار صاحب کے کہنے کے مطابق یہ پہلے سے بن چکی ہے یہ fiat accompli تھی تو پھر موجودہ حکومت نے اس سلسلہ میں کیا کردار ادا کیا؟

یہ کہنا کہ اس حکومت نے کوئی کردار ادا نہیں کیا غلط ہے بلکہ اسی پالیسی کو زیادہ سنگین موجودہ حکومت نے بنا دیا ہے اور ٹرسٹ پر اپنا مکمل قبضہ کر لیا ہے اور مجھے یہ کہنے میں کوئی باک نہیں اور مجھے یہ کہنے کی اجازت دی جائے کہ موجودہ چیئرمین پیپلز پارٹی اور ہمارے محترم وزراعظم جناب فیلڈ مارشل مرحوم سے کئی قدم آگے نکل گئے ہیں یہ اس ادارے کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاھتے ہیں جو ان کے گن گاتا رہے اور جو ان کی غلط اور صحیح کاموں کی تعریف کرتا رہے جو ان کی ذات کی تعریف میں رطب اللسان رہے اور جو سچ اور جھوٹ میں تمیز نہ کرے۔

[Khawaja Mohammad Safdar]

جو جھوٹ کو اور غلط بیانی کو اتنی بار دھرائے کہ یہ توقع کی جائے کہ لوگ یقین کرلیں گے - لیکن پھر میں محترم میاں عارف افتخار صاحب کو quote کرتا ہوں کہ لوگ اب یہ سمجھ چکے ہیں کہ ٹرسٹ کے اخبارات جو کچھ لکھتے ہیں غلط لکھتے ہیں - وہ حقیقت پر مبنی نہیں ہوتا - اس لیے میں یہ مشورہ دوں گا اپنے محترم دوستوں کو جو میرے ساتھ بیٹھے ہیں -

محترم چئیرمین صاحب کو اور اگر محترم وزیراعظم صاحب تشریف فرما ہوتے تو میں ان کی خدمت میں بلا واسطہ عرض کرتا کہ جس فرض کے لیے انہوں نے اس ٹرسٹ کو اپنے قبضہ میں لیا ہے وہ عرض نہ صرف پوری نہیں ہورہی بلکہ اس کا الٹا اثر ہورہا ہے- جو کچھ ان کے حق میں پریس ٹرسٹ کے اخبار لکھتے ہیں- لوگ اس سے الٹا تاثر لیتے ہیں- لوگ اس سے الٹے معانی نکالتے ہیں کہ فلاں خاص ہے اور اس پر پردہ ڈالنے کے لیے ٹرسٹ کے لئے اخبارات سے یہ لکھوایا جارہا ہے جناب چیرمین! میں یہ درخواست کروں گا کہ اس قوم پر بہت بڑا احسان ہوگا اگر موجودہ حکومت اسکو فوری طور پر توڑ دے - جس کی مجھے توقع نہیں ہے- لیکن پھر بھی میں درخواست ضرور کروں گا- جناب والا جہاں تک اس ٹرسٹ کے اندرونی حالات ہیں- جیسا کہ ابھی میرے دوست نے کہا ہے- کیا صورت حال ہے؟ ایک واقعہ عرض کرتا ہوں ابھی حال ہی میں چار نہایت سینئر صحافیوں کو جن کا میں نام نہیں لینا چاہتا ملازمت سے برطرف کردیا گیا ہے بغیر وجہ بتائے برطرف کیا گیا جب چیئرمین صاحب سے ان کے کسی عزیز دوست نے پوچھا کہ صاحب ایسا کیوں کیا گیا ہے تو انہوں نے کہا کہ صاحب بات یہ ہے کہ ہمارے ادارے سے صرف وہی لوگ وابستہ رہ سکتے ہیں جو ذہنی طور پر بھی ہماری تائید کریں قلم سے ہی نہیں اگر وہ ذہنی طور پر ہمارے خلاف ہیں یا موجودہ چیئرمین یا پیپلز پارٹی کی موجودہ حکومت کے خلاف ہیں تو ہم انہیں اس ادارے میں برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں ان کو اسی بنا پر نکال دیا گیا ہے وہ صحافی اپنی تنخواہ حاصل کرنے کے لیے اپنے ضمیر کے خلاف شاید لکھا کرتے تھے کچھ ان کے حق

میں لکھا کرتے تھے لیکن یہ شک پڑ گیا کہ وہ ذہنی طور پر حکومت کے ساتھ نہیں ہیں لہذا ان کو وہاں سے چھٹی دے دی گئی۔ جناب والا! جہاں تک مالی صورت حال ہے باوجود حکومت کی تمام نوازشات کے خواہ وہ اشتہارات کی شکل میں ہو یا کاغذ کے کوٹے کی شکل میں ہو حال ہی میں موجودہ چیئرمین صاحب نے موجودہ حکومت کو میری اطلاع کے مطابق یہ لکھا ہے کہ اگر پچاس لاکھ روپیہ فوری طور پر انہیں مذید قرض کی صورت میں نہ دیا گیا تو ٹرسٹ چل نہیں سکتا اس وقت جیسا کہ محترم عارف افتخار صاحب نے کہا ہے کہ یہ ٹرسٹ کروڑوں روپیہ کا مقروض ہے نیشنل بنک آف پاکستان کا اور قرض دلاتا کون ہے ہماری حکومت۔ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ ایک دیوالیہ ادارے کو اس ملک کا قیمتی سرمایہ دیا جارہا ہے ایک غلط کام کے لیے اگر کوئی نیکی کا کام ہوتا کوئی رفاع عامہ کا کام ہوتا کوئی اس ملک کی اصلاح کا کام ہوتا اس ملک کی بہتری کا کام ہوتا تو اس ملک کا سرمایہ اس طرح صرف ہوتا مجھے کوئی دکھ دہ ہوتا لیکن جس کے متعلق خود گورنمنٹ بینچز سے کہا جاتا ہے حاجی صاحب بھی یہ ارشاد فرماتے ہیں اسے حاجی صاحب کا فتوی کہنا چاہیے انہوں نے تو فتوی دیا ہے کہ کام غلط ہو رہا ہے اگرچہ محترم حاجی صاحب نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ وہ اس کی اصلاح کریں گے میں ان کی خدمت میں بھی عرض کروں گا آپ کی وساطت سے کہ خدا کرے آپ کے منہ میں کھانڈ اور شکر اگر یہ ادارہ درست اور صحیح ہوجائے۔ اسی موقعہ پر کہتے ہیں تیری آواز مکے اور مدینے مگر میں حاجی صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا لیکن یہ کام درست نہیں ہوگا۔ جناب چیرمین! پہلے بھی کہہ لیجیے نا تیری آواز مکے اور مدینہ وہ بھی کہہ دیجیے نا موذن بانگ بے ہنگام بردن۔

خواجہ محمد صفدر: جناب والا! مجھے اس بات پر سخت اعتراض ہے۔ کہ اس قوم کا قیمتی سرمایہ اپنے اثر و رسوخ سے اپنے دباؤ سے نیشنل بنک سے لیکر اس دیوالیہ ادارے کو جو محض انکی صفت و ثناء کے لئے قائم ہے دیا جا رہا ہے۔ یہ روپیہ قوم کی امانت ہے۔ جو بینکوں کے پاس ہے اور بنک اسوقت حکومت کی تحویل میں ہیں۔ یہ قوم کا سرمایہ ہے اور اسی طور پر یہ سرمایہ اسوقت حکومت کے پاس ہے۔ یہ امانت میں خیانت ہے اگر یہ رقوم اس قسم کے ادارے کو دی جائیں۔

**Mr. Chairman**: Thank you very much.

Now, the last speaker is the Minister.

جناب زمرد حسین: موور کی حیثیت سے جناب والا! میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں دفعہ ۱۹۹ ، ۲۰۰ -

جناب چیئرمین: رول ۲۰۰ -

جناب زمرد حسین: صفحہ ۱۰۳

جناب چیئرمین: رول کا جو chapter ہے وہ حاوی ہوتا ہے -

جناب زمرد حسین: پہلے اس ھاؤس میں ایسا ھوا ہے -

خواجہ محمد صفدر: یہ ڈیبیٹ کے متعلق جنرل رولز ھیں ۱۹۴ سے لیکر ۲۰۰ تک -

ملک محمد اختر: رول ۱۲۲ بھی دیکھ لیں -

جناب چیئرمین: وہ تو خیر اور بات ہے -

**Mr. Chairman**: "Save with the permission of the Chairman, a speech on a resolution shall not exceed ten minutes".

**Malik Mohammad Akhtar**: That is a specific rule, Sir, and the other is a general rule. He has availed of his time 13 minutes.

**Mr. Chairman**: The question is whether the mover has right of reply.

**Malik Mohammad Akhtar**: I don't consider, Sir, that there is any right of reply.

**Mr. Chairman**: Yes see Rule 199 sub-rule (3).

**Malik Mohammad Akhtar**: Rule 199, I have seen that, Sir.

**Mr. Chairman**: What is that?

**Malik Mohammad Akhtar**: Sir, that is, in certain cases, in certain motions which are not covered by the chapter of the resolution for which there is no specific......

(*Interruption*)

**Malik Mohammad Akhtar**: All right, Sir. There is one thing if you consider.

**Mr. Chairman**: There is no such thing, you see. It is quite plain.

"A Member who has made a motion, may speak by way of reply, and if the motion has been made by a private member, the Minister concerned may speak after the mover has replied".

So, this is general.

**Malik Mohammad Akhtar**: Then let him make a reply, Sir.

**Mr. Chairman**: But there is one thing, if you could have referred me to (4) that he can't do it by way of right of reply, it is only with the permission of the Chairman. He may speak by way of reply before you speak, and you will be the last one to wind up the debate. But nothing in sub-rule (3), shall be deemed to give any right of reply to the mover of an amendment to a Bill, resolution or motion, save with the permission of the Chairman.

Now, I give you permission, Mr. Zamarud Hussain. But you will only speak for 10 minutes. Don't make a long speech. This is conditional.

جناب زمرد حسین: میں مختصر کرنے کی کوشش کروں گا -

جناب چیئرمین: کوشش کی بات نہیں ہے -

Don't make a long speech. This is conditional that you will speak only for 10 minutes.

جناب زمرد حسین: *بہت اچھا جناب چیئرمین ! مجھے بڑی خوشی ہے کہ بلاِ امتیاز اسکے کہ کون حکومتی بینچز پر بیٹھا ہے اور کون اپوزیشن پر ہے سارا هاؤس متفق ہے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ نے اس ملک کا اعتماد کھو دیا ہے - اسکے عمل سے جو ہے اس ملک کا مستقبل تاریک ہونا یقینی ہو گیا ہے - میں اسکے ساتھ ھی محترم عارف افتخار صاحب کی تقریر کے متعلق کوئی بات یقیناً کہنا چاھوں گا - انہوں نے بڑی خوبصورت بات کہی ہے اور ساتھ ھی یہ بھی یقین دھانی کرائی ہے کہ اس هاؤس میں پیپلز پارٹی کی term ابھی تک موجود ہے اور یقین دلایا ہے ، اس خوش فہمی کا اظہار کیا ہے ، کہ پیپلز پارٹی اپنے کیئے ہوئے وعدے پورے کریگی اور نیشنل پریس ٹرسٹ کو توڑ دے گی - جناب چیئرمین! جیسا کہ میرے ساتھیوں نے کہا کہ بڑے شک کی بات ہے کہ یہ وعدہ پورا ہو - میں صرف ایک مثال اس سلسلے میں دینا چاھتا ہوں -

*Speech not corrected by the honourable senator.

**Mr. Niamatullah Khan**: I am on a point of order, Sir,

He is not supporting because it is not unanimous.

جناب چیئرمین: ہو گیا ہو گیا - اب آپ فرمائیے -

جناب زمرد حسین: جب برسر اقتدار پارٹی آئی جناب محترم ذوالفقار علی بھٹو نے پریذیڈنٹ ہونے کی حیثیت سے ایک آرڈر پیش کیا - جس میں ایک بورڈ آف ڈائرکٹرز جو ہے اسے توڑ دیا گیا - تمام اختیارات چیئرمین پریس ٹرسٹ کو منتقل کر دیئے گئے -

اور وہ جواب دیتا گورنمنٹ کو یعنی اس سے پہلے کم سے کم اس ادارے میں تھوڑی سے جمہوری روح موجود تھی اس گورنمنٹ کے آتے ہی اس جمہوری روح کو ختم کر دیا گیا - بہر حال اسکے باوجود میرے دوستوں کو جو خوش فہمی ہے مجھے اس پر خوشی ہے اور میں اسکو قبول کرتا ہوں کہ خدا کرے ایسا ہی ہو اور اس نیشنل پریس ٹرسٹ کو توڑا جا سکے - میں کچھ تجاویز آپ کے توسط سے اس ہاؤس میں پیش کرنا چاھتا ہوں کہ اگر پاکستان پیپلز پارٹی اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ اس ملک میں آزاد صحافت موجود ہونی چاھیئے ، اس ملک میں جمہوریت کو پھلنا پھولنا چاھیئے تو میری ان مختصر سی تجاویز کو اپنی نیک نیتی کے اظہار کے لئے فوری طور پر قبول کرے اور اسوقت نیشنل پریس ٹرسٹ کے جو پرچے ہیں ان میں اپوزیشن کے لئے تھوڑی سی جگہ کا تعین کر دیں -

ملک محمد اختر: سیاسی رشوت-

جناب زمرد حسین: اسلئے کہ اسوقت پاکستان پیپلز پارٹی عوام میں اپنی مقبولیت کھو چکی ہے اور اکثریت اپوزیشن کے ساتھ ہے اور پیپلز پارٹی کی مقبولیت کی پرسنٹیج بہت ہی کم رہ گئی ہے لیکن چلیئے ہم چالیس فیصد پر اکتفا کر لیں گے کہ اپوزیشن کو چالیس فیصد حصہ دے دیا جائے -

ملک محمد اختر: یہ اپنے حلقہ نیابت سے استعفلے دے دیں میں وہاں جا کر الیکشن لڑوں گا -

جناب زمرد حسین: میں اسے most welcome کرتا ہوں -

ملک محمد اختر: میں بلوچستان میں جا کر انتخاب لڑنے کے لئے تیار ہوں -

جناب زمرد حسین: جناب ، آپ لاہور ہی میں لڑ کر دیکھ لیجئے -

ملک محمد اختر: آئیے ، آئیے -

جناب زمرد حسین: آپ مجھے تقریر کرنے دیجئے - چیئرمین صاحب نے صرف ۱۰ منٹ دئے ہیں - اگر یہ نہ ہو سکے تو میں ایک اور تجویز پیپلز پارٹی کو دینا چاہتا ہوں جو کہ جمہوریت کا دعویٰ کرتی ہے - ایک پرچے کا ایسا ٹرسٹ بنا دیا جائے جو اپوزیشن کی تحویل میں ہو اور جس کا انتظام اپوزیشن سنبھالے - باقی اخبارات یہ اپنے پاس رکھیں - ٹرسٹ میں ان کو چلائیں لیکن اسمیں ایک شرط ہے اخباری کاغذ کا کوٹہ اور جو ریو نیوز اسمیں چل رہے ہیں ان کو قائم رکھنے کی اجازت دیں ، تو پھر ان کو دکھاؤں گا کہ ان کے ٹرسٹ کے پیپرز عوام کیسے پڑھتے ہیں ، ان کو اپنے بھاؤ ، اور اپنی قیمت کا پتہ چل جائے گا اور ان کو اندازہ ہو جائے گا کہ اخبار کیسے چلایا جاتا ہے اور اگر یہ جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں تو میں ان کی خدمت میں ایک اور تجویز بھی پیش کرتا ہوں اس خوش فہمی کی بنا پر جو کہ حزب اقتدار کے بنچوں کی طرف سے ظاہر کی گئی ہے اسوقت تک جناب انہوں نے اس ملک میں بیس پرچے بند کئے ہیں جب سے یہ برسر اقتدار آئے میں -

**Malik Mohammad Akhtar**: Sir, this irrelevant.

جناب چیئرمین: ان کے نام لینا اورفہرست پڑھنا یہ ریلیونٹ نہیں ہے -

جناب زمرد حسین: میں جناب نام نہیں لوں گا - بیس پرچے بند کئے ہیں - انہوں نے

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے -

جناب زمرد حسین: اور جناب وہ بیس پرچے کیسے بند کئے ایک پرچہ ابھی چند دن پہلے بند کیا اور اس کے کاغذ کا کوٹہ تو صرف اس جرم میں انہوں نے بند کر دیا تھا کہ اس نے حزب اختلاف کے لیڈر کا انٹرویو چھاپا تھا - اگر یہ جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں تو اخبارات چل رہے ہیں ، آزاد ہیں جیسے بھی ہیں کم از کم ان کو اخبار کا کوٹہ درآمد کرنے کا اختیار دے دیں - اگر یہ جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں تو اشتہارات کے

[Mr. Zamarud Hussain]

سلسلے میں میری ایک تجویز ہے کہ اس ٹرسٹ کو پارلیمنٹ کے سامنے جواب بنا دیں تاکہ پتہ چل جائے کہ کس کس پرچے کی کتنی سرکولیشن ہے اور اس سرکولیشن کے حساب سے ان کو کتنے اشتہارات ملتے ہیں تو ان کو پتہ چل جائے گا کہ نیشنل پریس ٹرسٹ کے پرچے کتنے دن زندہ رہ سکتے ہیں اور یہ کس طرح پروپیگنڈہ کر سکتے ہیں اور جناب یہ ایک اور مہربانی ہم پر کر دیں ۔ اگر یہ اس ملک پر احسان کرنا چاہتے ہیں ، کچھ عرصہ پہلے حریت کا ڈیکلیریشن انہوں نے منسوخ کیا اور اسکو اس شرط پر دوبارہ ڈیکلیریشن دیا گیا کہ تمہیں نیوز پرنٹ اور اشتہارات اس شرط پر دیں گے کہ محکمہ اطلاعات نے جس آدمی کو نامزد کیا ہے ، تم اسکو اپنا ایڈیٹر بنا دو تو پھر ہم تم کو تمام سہولتیں دوبارہ بحال کر دیں گے ۔ اگر یہ اپنی ان غیر جمہوری حرکتوں کو چھوڑ دیں ، تو پھر یہ دیکھیں گے کہ نیشنل پریس ٹرسٹ کی حیثیت کیا ہے اور یہ کتنے دن زندہ رہ سکتا ہے اور جناب ایک اور تجویز یہ ہے کہ چوہدری ظہور الہی صاحب جو کبھی پراگریسو پیپرز لمیٹڈ کے چیئرمین تھے ۔ انہوں نے پبلک میٹنگ میں اعلان کیا ہے اور میں اسکو ریکارڈ میں لانا چاھتا ہوں کہ نیشنل پریس ٹرسٹ کے ذمے ان کے ۳۵ لاکھ روپے ہیں انہوں نے قوم کے سامنے یقین دہانی کرائی ہے کہ اگر گورنمنٹ نیشنل پریس ٹرسٹ کو توڑ دے تو وہ یہ ۳۵ لاکھ روپے کی ڈیمانڈ واپس لے لیں گے اور حکومت اس ٹرسٹ کو ورکنگ جرنلسٹ کے حوالے کر دے تو وہ بھی وہ ۳۵ لاکھ روپے ورکنگ جرنلسٹ کے حوالے کر دیں گے ۔ ممکن ہے وزیر صاحب یہ کہیں کہ صاحب ورکنگ جرنلسٹ اخبار کیسے چلائیں گے تو میں ان کو یہ تجویز پہلے ہی سے دے دیتا ہوں کہ دشمن کی لاکھوں روپے کی جائیداد buildings وغیرہ نیشنل پریس ٹرسٹ کے حوالے کی گئی ہیں اگر یہ صحافیوں سے ہمدردی رکھتے ہیں تو ایک کواپریٹو سوسائیٹی بنائیں اور وہ ساری کی ساری property کارکن صحافیوں کو منتقل کریں اور اسکا ایک بورڈ بنایا جائے جس میں اس ملک کی عدلیہ کے جج پارلمنیٹ کے ممبر اور کارکن صحافی ہوں اور ان کے زیر انتظام یہ نیشنل پریس ٹرسٹ چلایا جائے لیکن مجھے یقین ہے کہ یہ میری جتنی بھی اچھی تجاویز ہیں ملک محمد اختر صاحب ان کو نہیں مانیں گے ، اسلیئے نہیں مانیں گے کہ ظاہر ہے اگر یہ مان لیں تو ان کی بنیاد ہی ختم ہو جاتی ہے اور یہ غلط اور بے بنیاد پراپیگنڈا کیسے کر سکیں گے اور لوگوں کو شک و شبہ میں کیسے مبتلا کر سکیں گے ۔

جناب چیئرمین: آپ نے ساڑھے پانچ منٹ لے لئے ہیں ۔

Thank you very much.

Yes, Malik Akhtar.

**Malik Mohammad Akhtar**: Mr. Chairman, I hope I have got 30 minutes.

**Mr. Chairman**: With my permission.

**Malik Mohammad Akhtar**: With your permission. Mr. Chairman, this is a vital issue which we have been debating and discussing in this House; and it is so horrible and awful and terrible that I have here the audacity of the Members of the Opposition to make outrageous onslaughts on working journalists. The very words of the Resolution of the honourable Member are that the conduct of the National Press Trust of Pakistan has created an atmosphere of suspicion—the conduct of the National Press Trust. Now, Sir, what does the word 'conduct' denote? That does not mean the conduct of the Managing Agency, that does not mean the conduct of the Government. They have made severe criticism and used abusive language even against the conduct of the working journalists, and it is my duty and I am honour-bound to defend this noble profession of journalism, whether a journalist belongs to the institution called the National Press Trust or whether a journalist belongs to any other paper which the Opposition claims to be their paper. I deny because all the newspapers including the papers owned by the National Press Trust are independent papers. Sir, I refute the charge. Now, I come to the second part of the resolution.

**Mr. Chairman**: There is no resolution.

**Malik Mohammad Akhtar**: It is the motion, I am sorry. Now, I come to the second part of the motion that the conduct of the journalists has created suspense and mistrust. The allegation is a misreporting of what is being done by the papers owned by the Trust. Sir, I categarically deny. The Trust is doing its function. The basic policy of the Trust is to keep the people of Pakistan well informed and, Sir, the Trust is performing this function. The Trust is exposing certain persons who sit and conspire to disintegrate Pakistan. They accuse that the Trust is misreporting.

Sir, these bomb blasts, these activities of violence by certain group of people, I will not name any political party, when this is being reported; then conspiracies held outside the country when they are being reported by the Press Trust, naturally it pinches the shoes and the reason is there.

**Mr. Chairman**: The shoe pinches.

**Malik Mohammad Akhtar**: The shoe pinches and the reason is there.

Then, Sir, I would say I have got respect, I have got great honour for this profession of the working journalists, whether a working journalist is employed in any institution owned by any person and this is unprecedented

[Malik Mohammad Akhtar]

that the working journalists have been abused by the honourable Members of this House in a manner which is uncalled for and unprecedented.

جناب شہزاد گل: ملک صاحب شاید اگلی بار صحافت شروع کر رہے ہیں یا اخبار نکال رہے ہیں۔

**Malik Mohammad Akhtar**: Then, Sir, it is the moral and basic duty of the papers of the Trust to expose those elements who did not believe in the creation of Pakistan, and who are as yet bent upon further disintegrating the whatsoever is left of this part of the country which is the major part of Pakistan.

Then, Sir, they have been very generous. Now, look at their contradictory statements, although I do not own this statement. They say that the Chairman of the National Press Trust has written a letter to the Government that fifty lakhs of rupees be given to him. I do not know whether any such letter has been written. Then another accusation has been made that this institution owes crores of rupees and at the same time they say please hand it over to the working journalists. That means, they want indirectly that this institution may financially, if the allegations are correct, collapse and all these papers whatever is their number they may stop publication. Is this a service? This is the biggest dis-service which they intend to do by making such proposals that the working journalists may be entrapped in a way that all these dues may be paid by them or they may be made liable for the payment of such alleged taxes.

Now, Sir, I will again add that the present regime believes in freedom of press. Of course, this institution was taken over by previous regimes but where is the harm when a certain institution which is not, according to their version making its both ends meet, the present government finances it? The present Government is financing this institution directly or indirectly and we are getting good newspapers.

Then, let us come to the quality of the newspapers. Let us compare Pakistan Times as it is published with the other newspapers. Let us look at the prompt news which 'Imroze' gives. I may point out that I am not condemning any paper. We have got very good papers like SUN, DAWN and other papers. Now, if there are more than half a dozen english papers—some periodicals and some weeklies why should we do away with this institution and have all these papers stopped? Sir, I consider that the present government is doing a big service by taking such measures that this institution is surviving and all the people particularly of this area—Punjab, are being benefited with the continuance and the publication of these papers.

Then, Sir, much has been said, although it is not relevant that the Government is bribing this institution with advertisement. Well, Sir, there is a certain system in the distribution of official advertisement, Government advertisement and the advertisement of autonomous bodies. It is done on the basis of certain mathematics. They look into the affairs of each and every paper. Proper auditing is done and after auditing is done then circulation is established and it is only then that advertisements are distributed amongst all the paper. Even the papers of the Opposition are getting advertisements provided their circulation is upto the mark.

Now, Sir, they allege that the Government is probably favouring this institution and I categorically deny that no favour is being done to the papers of the Trust. They are getting what is their due and in accordance with their circulation.

I want to keep my standard of speech and I do not want to go to that extent but I am sorry to say and I have got to answer my friend who has slipped away, they have made certain demands and I refuse to accept any of those demands. They want this Government to bribe them. This Government is not so weak a Government as to bribe any political party. With these small motions which they have moved, they want to blackmail us. They have made certain suggestions which I have not cared to take note of. Sir, we have fought elections. We have faced Ayub. We have faced Yahya. We have sanatched the power from military dictator. Who could snatch this power except Mr. Z.A. Bhutto? These people who are begging advertisements, making requests that certain papers may be opened for them. We did not make such requests to Anjuman which is running orphanage.

جناب شہزاد گل: یہ بالکل اسکی ذاتی ہے اپوزیشن کی نہیں۔

**Malik Mohammad Akhtar**: Then, Sir, I would say that by the survival of the National Press Trust, we have raised the standard of living of the working journalists. They are accusing us that we have closed twenty papers. Sir, this Government has appointed Wage Boards headed by highly placed persons and in many cases Judges of High Court and award is there. We are giving reasonable, not only reasonable but we are giving all the facilities to the working journalists in the country whether they belong to the Opposition, whether they belong to Government. All of those working journalists are getting facilities and their scales of pay are being revised. How can they say that this Government is anti-journalist? This Government has created so many institutions. The other day, I made a statement in reply to a question in the National Assembly that soon a Registrar is to be appointed, and he is going to look into many affairs and many complaints, and as yet even now there is a certain institution which has existed, which is looking into the implementation of the Wage Board award which was given earlier and the next wage award has also been given.

Now, Sir, I consider there is no truth in what they say. They had only two point which they could make. The first point is that they want that their activities and the activities of their associates, I am not naming any political leader, I will not name any political party; they want that their malicious activities, their treacherous activities to disintegrate Pakistan may be covered and there should be none to expose them.

The second thing I would again say, although it will be a repetition, the cat is out of the bag, and they want the Government to be blackmailed, which I again repeat that we refuse to be blackmailed by this tiny Opposition, and by the people who lost all the seats in 1970 Elections except four in NWFP and three in Baluchistan. They want to blackmail us and they want to get undue advantage from us. Sir, now I would say that we believe in freedom of Press. We are tiying to introduce the same norms for the Press which are internationally admitted. We are sending the working journalists from time to time and repeatedly on foreign tours. Then, sir, we ensured that no newspaper, whether it is a Trust paper; whether it is a private owned paper, no owner of a newspaper is harsh to the working journalists. Then, sir, I would say that advertisement I have dealt with. Let them bring any of the cases to my notice in which due advertisements are not given to any of the papers which has got its circulation duly audited, I take the responsibility that justice will be done in that case.

**Mr. Shahzad Gul**: You are not Incharge of that Department.

**Malsk Mohammad Akhtar**: I am accountable for your information.

جناب شہزاد گل: پھر تو کوئی خبر نہیں آئے گی اپوزیشن کے ممبروں کا ایک جملہ بھی اخبار میں نہیں آئے گا اپوزیشن کی کوئی خبر نہیں آئے گی بس وزیر صاحب کا جواب آجائے گا لوگ اس سے یہ قیاس آرائی کرتے ہیں کہ اپوزیشن نے پتہ نہں کیا گیا ہے ، جسکا وزیر صاحب نے یہ جواب دیا ہے ۔

جناب زمرد حسین: ساری تقریر بے مقصد کرر ہے ہیں ۔

راؤ عبدالستار: خبر یہیں آتی روقا تو یہی ہے ۔

**Malik Mohammad Akhtar**: Sir, I have already said that the factual position is that the National Press is giving lead to the people to understand the actual happenings in the country. Then, sir, a very serious charge has been levelled against the working journalists. Firstly, they have condemned the conduct of the working journalists that they are misreporting. All right, that could be a matter of opinion. Then they say: "....is thereby darkening the future of the democracy in the country". Look at them. These friends of mine say that the conduct of the working journalists working in the National Press Trust was darkening the future of democracy. My friends, I saw with these two eyes in 1960 or 1961......

**Mr. Zamarud Hussain**: Point of order, sir.

جناب چیئرمین: ذرا تشریف رکھیے پوائنٹ آف آرڈر اٹھا ہے۔

جناب زمرد حسین: جناب والا ملک صاحب جو فرمارہے ہیں کہ ہم نے کہا ہے کہ نشینل پریس ٹرسٹ کا conduct جس کے یہ آجکل انچارج ہورہے ہیں اسکی بات کررہے ہیں۔ ورکنگ جرنلیسٹ ہے چاروں کو تو انہوں نے جرنلیسٹ نہیں رہنے دیا۔ انکو منشی اور کارک بنادیا ہے ہم نے انکے خلاف تو کوئی بات نہیں کی یہ تو نیشنل پریس ٹرسٹ کا conduct جو ہے وہ جمہورت کا مستقبل تاریک کررھا ہے یہ تو اوریجنل موشن جو ہے۔ اسکو misinterpret بھی کررہے ہیں۔

**Mr. Chairman**: Thank you. This is no point of order.

**Malik Mohammad Akhtar**: He should have been wise enough to get it drafted from some wise man. Sir, I saw these brave journalists with banners, with slogans marched against the imposition of Martial law and Khawaja Safdar would bear me out that they were the first to violate Martial Law Regulation and marched on the Mall Road giving slogans that they would not accept the law imposed by Ayub regime in respect of control. That law had to be withdrawn within a fortnight and Ayub had to negotiate with them when he was a fulfledged dictator and these gentlemen, these champions of democracy are saying that......

جناب شہزاد گل: جناب والا! یہ ایوب، ایوب کہہ رہے ہیں۔ آخر وہ ملک کا صدر رہا ہے، کم از کم کچھ تو احترام کریں۔ یہ ایوب، ایوب کہہ رہے ہیں۔ کتنی بری بات ہے۔ صرف ایوب خان کہہ دیں۔

**Malik Mohammad Akhtar**: Ayub Khan Sahib. Are you satisfied now? When Field Marshal Mohammad Ayub Khan, the dictator, wanted to curb the freedom of Press, the politicians, the rats who had gone in holes, who had been EBDOed did not come out.

جناب شہزاد گل: وہ چلا گیا ہے۔ جب وہ موجود تھا تو اس وقت یہ نہیں کہتے تھے جب وہ چلا گیا ہے تو کہہ رہے ہیں۔

**Mr. Chairman:** No, no. Gentelman, don't interfere.

**Malik Mohammad Akhtar:** have got a witness over here.

جناب شہزاد گل: جب وہ بیٹھا تھا۔ اب وہ چلا گیا ہے۔

**Malik Mohammad Akhtar**: I have got witnesses in this House, Khawaja Safdar and the worthy Chairman. I fought against Ayub Khan for ten years.

**Mr. Shahzad Gul**: Where was your Chairman?

اسکی بھی بات کریں۔

**Malik Mohammad Akhtar**: So, sir, than these rats were in holes.

**Mr. Chairman**: Do not call them rats.

**Malik Mohammad Akhtar** : Not these people. These politicians......

**Mr. Chairman**: No, no. You are also a politician.

**Khawaja Mohammad Safdar**: On a point of information, sir.

**Mr. Chairman**: Yes, wait. One at a time.

**Khawaja Mohammad Safdar**: I am on a point of information.

**Mr. Cha'rman**: No, no. Mr. Shahzad Gul was on his legs. That is why I said one at a time.

**Khawaja Mohammad Safdar**: Point of information, sir.

میں اپنی اطلاع کیلئے صرف اتنا سوال پوچھنا چاھتا ھوں کہ محترم چیئرمین پیپلز پارٹی اس وقت کہاں تھے؟

جناب شہزاد گل: جناب والا! میں گذارش کررھا تھا جب قیوم خان صاحب بیٹھے تھے تو اس وقت یہ کہتے۔ جب وہ چلے گئے ھیں تو یہ بار بار دھرا رہے ھیں یہ انکی موجودگی میں کہتے۔

جناب چیئرمین: انہوں نے صاف کہہ دیا ہے۔

He has clearly said that by rats he does not mean you.

**Malik Mohammad Akhtar**: You are cats, not the rats.

جناب چیئرمین: اگر وہ cats ھیں تو rats کون ھیں؟

(*laughter*)

**Malik Mohammad Akhtar**: Let us drop this rat and cat business. Sir, when the honourable Field Marshal Mohammad Ayub Khan......

**Mr. Zamarud Hussain**: Point of order, sir.

**Mr. Chairman**: You can only say late......

جناب زمرد حسین: پوائینٹ آف آرڈر۔ جناب والا! ہمارے ایک ساتھی نے پوائنیٹ آف انفارمیشن مانگا تھا۔ اسکا جواب نہیں دیا ۔

**Mr. Chairman:** I cannot force him to reply.

جواب مناسب نہیں سمجھا ہوگا۔

I am grateful to you. No, sir, I am very very serious. Kindly listen to me.

ملک محمد اختر: باشد خاموشی ۔

جناب چیئرمین: میں اتنی اطلاع دینے کی جرات کرتا ہوں کہ آدھا گھنٹہ ختم ہونے والا ہے ۔

ملک محمد اختر: آپ تو جانتے ہیں کہ میں ہفتوں اور مہینوں تقریریں کیا کرتا ہوں۔ آج تو کرنے لگا ہوں کھل کر کرنے دیجئے۔

جناب چیئرمین: آپ ایک ہفتہ بیٹھیں گے یا ایک مہینہ اٹھیں گے اور ایک مہینہ تقریر کرتے رہیں گے ۔

ملک محمد اختر: جناب اگلے دن پھر اگلے دن پھر اگلے دن اگلے جمعے کو پھر ہوجائے گی۔

راؤ عبدالستار: ٹھیک ہے ۔

**Malik Mohammad Akhtar:** If they want so we can close and let the discussion be continued.

**Mr. Chairman:** But under the rules you can have only half an hour.

**Malik Mohammad Akhtar:** All right. How many minutes, sir, so that I can......

**Mr. Chairman:** Hardly half a minute is left but I give you five minutes.

**Malik Moh mmad Akhtar:** All right, sir. Then I will only repeat the incident when the politicians were EBDOed and they had disappeared from the political scene. The Martial Law was there and all that does happen during Martial Law was happening. The Martial Law Courts were there. A Law was imposed and the working journalists were the first to violate those regulations and they took out a big procession for the restoration of democracy and for freedom of Press. The concluding lines of the resolution are that......May I repeat again, sir. It is of great interest.

**Mr. Chairman:** Yes.

**Malik Mohammad Akhtar:** Excuse me for the repetition. "That the conduct of National Press Trust of Pakistan which has created an atmosphere of suspicion and mistrust among the masses and is thereby darkening the future of democracy in the country......".

Sir, the working Journalists are the most honourable class of this country. They are the bravest class. When the Army is fighting, they are with the Army on the forefront in the range of cannons. When a person is dying in hospital due to some accident or otherwise, then they are working as a Doctor. When certain other experiments are being taken in some laboratory, the working Journalist is a scientist. Now, they are accusing this class. I have got all the respect and with all the words at my command, I respect the entire working journalist class of this country, whether they belong to opposition or whether they belong to this side. They have got their own views. I consider that the present regime under Mr. Zulfiqar Ali Bhutto is the Champion and he has given all the protection and he has ensured that there is freedom of press and we are introducing all the norms that the press gets fullest freedom and, sir, with these words, although......

جناب چیئرمین: میں ان کو بیٹھا سکتا ہوں اگر آپ اسلام آباد کلب میں ڈنر کی اطلاع دے دیں۔

خواجہ محمد صفدر: جناب چیئر مین! ایک گذارش ہے اور وہ یہ ہے کہ میری اطلاع کے مطابق نیشنل اسمبلی نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ ۲۲ تاریخ سے لیکر ۲٦ تارخ تک رخصت پر ہوگی اور میں یہ گذارش کرونگا کہ یہ شاید اس ہفتے میں ہمارے meet کرنیکا آخری دن ہو کیونکہ کل joint sitting ہے

جناب چیئرمین: joint sitting کس وقت ہوگی۔

خواجہ محمد صفدر: سر! یہ دس بجے ہوگی آپ فیصلہ کرتے ہوئے اس بات کو ذہن میں رکھیں۔

جناب چیئرمین: دس بجے جائینٹ سیٹنگ ہے تو پھر مجھے بتائیے کیا رکھ لیں؟

خواجہ محمد صفدر: جناب والا! اس بات کا تو مجھے پتہ نہیں ہے کہ sitting کب تک رہے بہرحال تین بل ہیں اور ایک بل تو اچھا خاصا لمبا ہے جو زیر بحث آئیگا شائید منگل کو بھی سینٹ کا اجلاس نہیں ہوسکے گا۔

**Mr. Chairman:** Now, this motion has been talked out.

There is another motion. I do not think whether the House is in mood to work further.

خواجہ محمد صفدر: جناب والا! میں تو تیار ہوں۔ آپ بارہ بجے کا وقت مقرر فرمالیں۔

جناب چیئرمین: دس پندرہ منٹ کیلئے بیٹھ گے اور فیصلہ کرلیں گے۔ شام کو تو مشکل ہے کیونکہ بعض صاحبان کو گھر جانا ہوتا ہے۔

ملک محمد اختر: ٹھیک ہے۔

Mr. Chairman: Tomorrow we are meeting in a joint sitting at 10.00 a.m. Most probably we will be free by 12.30. We will start our Senate sitting at 12.30. The Senate will meet tomorrow at 12.30.

---

The Senate adjourned till half past twelve of the clock on saturday, January 18, 1975.

---